مفت تقسیم

سب کے لئے تعلیمی مہم پروگرام

سب پڑھیں۔ سب بڑھیں

درجہ-3

# ماحولیات اور ہم

حصہ۔1



سب کے لیے تعلیمی مہم پروگرام کے تحت اسکولی بچوں کے لیے درسی کتابیں برائے **مفت تقسیم** شائع کی گئیں۔ اس کتاب کی خرید وفروخت قانوناً جرم ہے۔

# بہار معیاری تعلیمی مہم (بہار ایجوکیشن پروجیکٹ کونسل) کی جانب سے چلائی جارہی بیداری مہم

## ''سمجھیں ــ سیکھیں''

## معیاری تعلیمی مہم کے بیس رہنما اصول

1. اسکولوں کا وقت سے کھلنا اور بند ہونا۔
2. وقت پر تعلیمی سیشن کا انعقاد۔
3. ہر ایک بچّہ اور استاد کی اسکول کے وقت میں، اسکول میں موجودگی۔
4. ہر ایک بچّہ اور ہر ایک استاد سیکھنے۔سکھانے کے عمل میں غرق ہو۔
5. اساتذہ کو بچّوں کے تعلیمی معیار کی واقفیت اور اس کے تئیں مستعدی۔
6. مسلسل اور گہرائی کے ساتھ صلاحیتوں کی جانچ۔
7. درجہ۔1 کے لئے خاص طور پر کل وقتی اساتذہ۔
8. اسکول کے سبھی درجات میں بلیک بورڈ کا مکمل طور سے استعمال۔
9. سبھی درجات میں روزانہ کے تعلیمی ٹائم ٹیبل کی دستیابی اور اس کا استعمال۔
10. آخری گھنٹی میں کھیل کود، آرٹ اور ثقافتی سرگرمیاں۔
11. اسکول میں دستیاب کرائی گئیں کہانی کی کتابیں اور کھیل کود کے سامانوں کا استعمال۔
12. Menu کے مطابق دوپہر کے کھانے (Mid-day meal) کی پابندی کے ساتھ روزانہ تقسیم۔
13. فعال بچّوں کا پارلیامنٹ اور مینا منچ۔
14. صاف ستھرے بچّے اور صاف ستھرا اسکول۔
15. دستیاب پینے کے پانی کا انتظام اور بیت الخلاء کا استعمال۔
16. اسکول کے احاطے میں باغبانی۔
17. اسکولوں میں دستیاب کرائے گئے گرانٹ کا استعمال۔
18. سبھی بچّوں کے پاس اپنے اپنے درجہ کی درسی کتابوں کی دستیابی۔
19. اسکول کی انتظامیہ کمیٹی کی پابندی سے ہونے والی میٹنگ میں تعلیم کے معیار (Quality) پر چرچا۔
20. اسکول میں ہر ایک درجہ کے اساتذہ اور گارجین کے ساتھ تبادلۂ خیال۔

# ماحولیات اور ہم

حصہ-1

درجہ-3

(تیار کردہ: صوبائی کونسل برائے تعلیمی تحقیق وتربیت (SCERT) بہار، پٹنہ)

بہار اسٹیٹ ٹکسٹ بک پبلشنگ کارپوریشن لمیٹڈ، پٹنہ

ڈائرکٹر (پرائمری ایجوکیشن)، محکمہ تعلیم، حکومت بہار سے منظور

صوبائی کونسل برائے تعلیمی تحقیق وتربیت (SCERT) بہار، پٹنہ کے تعاون سے پورے صوبہ بہار کے لئے

سب کے لئے تعلیمی مہم پروگرام (S.S.A) کے تحت
اسکولی بچوں کے لئے درسی کتابیں برائے
مفت تقسیم
شائع کی گئیں۔ کتاب کی خرید وفروخت قانوناً جرم ہے۔

© بہار اسٹیٹ ٹکسٹ بک پبلشنگ کارپوریشن، لمیٹڈ، پٹنہ

S.S.A. 2015-16 97,418

-:شائع کردہ:-

بہار اسٹیٹ ٹکسٹ بک پبلشنگ کارپوریشن، لمیٹڈ

پاٹھیہ پستک بھون، بدھ مارگ، پٹنہ۔800001

مطبوعہ: Bhawani Mudranalay ٹکسٹ کے لئے 70G.S.M. کا H.P.C. سفید واٹر مارک Cream Wove کاغذ استعمال میں لایا گیا اور سرورق کے لئے 130G.S.M. واٹر مارک H.P.C. کا سفید کاغذ استعمال میں لایا گیا)۔ Size : A4 (20.5×27.9cm.)

# پیش لفظ

محکمہ تعلیم، حکومت بہار کے فیصلے کے مطابق، اپریل 2009ء سے پہلے مرحلہ میں ریاست کے درجہ IX کے طلباء و طالبات کے لئے نئے نصاب کو نافذ کیا گیا۔ اسی کے تحت تعلیمی سال 11-2010 کے لئے درجہ III،I، VI اور X کی تمام لسانی اور غیر لسانی درسی کتابوں کا نصاب نافذ کیا گیا۔

اس نئے نصاب کے تحت قومی کونسل برائے تعلیمی تحقیق و تربیت (NCERT)، نئی دہلی کے ذریعہ تیار کردہ درجہ X کے حساب (ریاضی) اور سائنس نیز صوبائی کونسل برائے تعلیمی تحقیق و تربیت (SCERT)، بہار، پٹنہ کے ذریعہ تیار کردہ درجہ III،I، VI اور X کی تمام درسی کتابیں بہار اسٹیٹ ٹکسٹ بک پبلشنگ کارپوریشن لمیٹڈ کی جانب سے سرورق کی ڈیزائننگ کر کے شائع کی گئیں۔ اس سلسلے کی کڑی کو آگے بڑھاتے ہوئے تعلیمی سال 2012-2011 کے لئے درجہ II، IV اور VII کی نئی درسی کتابیں صوبے کے طلباء و طالبات کے لئے فراہم کی گئیں اور تعلیمی سال 13-2012 کے لئے درجہ V اور VIII کی نئی کتابیں دستیاب کرائی گئیں۔ ساتھ ہی ساتھ درجہ II، IV اور VII کی کتابوں کا نیا ترمیم و اضافہ شدہ ایڈیشن بھی اسی سال ایس سی ای آر ٹی، بہار، پٹنہ کے تعاون سے شائع کیا گیا!

ریاست بہار میں معیاری اسکولی تعلیم کے لئے معزز وزیر اعلیٰ، بہار جناب جیتن رام مانجھی، وزیر تعلیم جناب برشن پٹیل اور محکمہ تعلیم کے پرنسپل سکریٹری، جناب آر۔ کے۔ مہاجن کی رہنمائی کے تئیں ہم تہہ دل سے شکر گزار ہیں۔

این سی ای آر ٹی، نئی دہلی اور ایس سی ای آر ٹی، بہار، پٹنہ کے ڈائرکٹر صاحبان کے بھی ممنون ہیں، جن کا بیش قیمت تعاون ہمیں ملا۔

بہار اسٹیٹ ٹکسٹ بک پبلشنگ کارپوریشن لمیٹڈ طلباء، سرپرستوں، معلموں نیز ماہرین تعلیم کے تبصروں اور مشوروں کا ہمیشہ خیر مقدم کرے گا، تا کہ ریاست کو ملک کے تعلیمی شعبہ میں بلند مقام حاصل ہو سکے۔

دلیپ کمار I.T.S.

مینجنگ ڈائرکٹر

بہار اسٹیٹ ٹکسٹ بک پبلشنگ کارپوریشن، لمیٹڈ

# دیباچہ

صوبائی کونسل برائے تعلیمی تحقیق وتربیت ، پٹنہ کے زیر اہتمام National Curriculam Frame (N.C.F.2005) اور Bihar Curriculam Frame (B.C.F.2008) کے تعلیمی سال کے لئے تیار شدہ نصاب کے تناظر میں سال 2010 میں فروغ شدہ درسی کتاب 'ماحولیات اور ہم' حصہ۔1 ، درجہ۔3 ترمیم واضافہ کے بعد نئی اشاعت کی صورت میں پیش خدمت ہے۔

زندگی کے شروعاتی دور میں طلبہ وطالبات اپنے فطری اور سماجی ماحول کو ہر ممکن طرح سے سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں اور قدم قدم پر اپنے ماحول کی چنوتیوں سے مقابلہ آرا بھی ہوتے ہیں۔ ان فطری تناظر کے پیش نظر ابتدائی سطح پر یکسوئی کے ساتھ سائنس اور سماج کے رشتوں کی داخلی مقابلہ آرائیوں کے ردعمل کو وہ اپنی سہولیات کے مطابق سائنسی نظریات کے ساتھ سمجھ سکیں، 'سائنس اور سماج کو جدا نہ کرتے ہوئے' مطالعہ 'ماحولیات' کے پیش نظر صحیح رجحانات کے سلسلہ کی یہ پہلی کتاب ہے۔

گزشتہ ایک سال سے اس درسی کتاب کا مطالعہ سارے صوبہ بہار کے اسکولوں میں جاری ہے۔ طلبہ وطالبات، اساتذہ کرام کے تجربات ومشاہدات، خوشۂ وسائل مراکز پر ہوئی وضاحتی نشستوں اور ارکان تالیف کے مزید مطالعے اور تجربات کی بنیاد پر اس سائنسی درسی کتاب میں ضروری ترمیم واضافہ کئے گئے ہیں۔ یہ کتاب طلبہ وطالبات میں داخلی صلاحیتوں کو ضرور بروئے کار لائے گی اور ان کے ہمہ جہت فروغ میں معاون ومددگار بھی ثابت ہوگی۔ اسباق کی وضاحت اس طرح کی گئی ہے کہ طلبہ وطالبات کے متلاشی اور متجسس ذہن کے فروغ، مشاہدہ، مجموعی، درجاتی اور کچھ کر کے جاننے اور سمجھنے کی روش کو بڑھاوا بھی ملے گا۔

اس کتاب کی زبان آسان اور عام فہم ہے اور موضوعات کے تحت کہانیاں، نظمیں، کھیل کود، سائنسی تجربات اور تبادلۂ خیال وغیرہ جیسی سرگرمیوں کو مناسب جگہ دی گئی ہے۔ آسان طریقے سے اسباق کے درمیانی یا آخری حصے میں سوالات درج کیے گئے ہیں۔

ماحولیات کی یہ درسی کتاب طلبہ وطالبات کے درمیان 'یقین محکم' اور دلچسپی کے ساتھ پڑھی جائے گی۔ جہاں سب کچھ ان کا اپنا ہے، وہ جہاں چاہیں، جس طرح چاہیں، اسے شروع کر سکتے ہیں۔ سرگرمیوں کی کثرت اور اسباق کی بناوٹ، اساتذہ کرام کے ساتھ طلبہ وطالبات کو سہولتیں بھی مہیا کرائی گی اور وسیع پیمانے پر نئی امیدوں کے دروازے بھی کھولے گی۔ طلبہ وطالبات کی بغیر کسی بوجھ کے تفریحی طریقوں سے عام چنوتیوں سے مقابلہ آرا ہونے، کھیل ہی کھیل میں اپنے فطری ماحول کو سمجھنے اور اسے اپنانے کے مواقع اس درسی کتاب کے مطالعہ میں مل سکیں گے۔

اس کتاب کے فروغ میں منسلک ارکانِ تالیف ماہر مصوران، ماہر کمپیوٹر اردو کمپوزنگ، ودیا بھون سوسائٹی راجستھان

کے ماہرین، بہار تعلیمی پروجکٹ کونسل بہار کا ابتدائی شعبۂ تعلیمات، صوبائی کونسل برائے تعلیمی تحقیق وتربیت، پٹنہ کے اساتذہ کرام، شعبۂ تعلیمات برائے اساتذہ، ماہرین زبان اردو ادب حضرات، خصوصی طور پر قابل ستائش اور قابل قدر ہیں کہ ان کی مخلصانہ کوششوں کے نتیجے میں 'ماحولیات اور ہم' کی نئی اشاعت پیش خدمت ہے۔

امید قوی ہے کہ 'ماحولیاتی سائنس' پر مبنی یہ درسی کتاب اساتذہ کرام، طلبہ وطالبات کے لئے مفید اور کارآمد ثابت ہوگی اور 'ماحولیات' کے تحفظ کے تئیں 'بیداری' کو پروان چڑھانے میں بھی معاون ثابت ہوگی۔

اس ماحولیاتی موضوع کی کتاب کو متواتر بہتر سے بہتر بنانے کے لئے طلبہ وطالبات، محترم اساتذہ کرام، والدین اور دانشور حضرات کے تعمیری اور مثبت مشوروں اور اہم ضروری نکات کی جانب نشاندہی کرنے کے لئے خیر مقدم کریں گے تاکہ مستقبل میں طلبہ وطالبات کی مکمل ذہنی اور جسمانی نشوونما کے فروغ کے لئے ہم انہیں اور بہتر مواقع فراہم کرا سکیں۔

حسن وارث
ڈائرکٹر انچارج
صوبائی کونسل برائے تعلیمی تحقیق وتربیت، بہار، پٹنہ

# مجلس برائے رہنمائی و تشکیل درسی کتاب

☆ جناب راہل سنگھ : اسٹیٹ پروجیکٹ ڈائریکٹر بہار ایجوکیشن پروجیکٹ کونسل، پٹنہ
☆ جناب حسن وارث : ڈائرکٹر ایس سی ای آر ٹی، پٹنہ
☆ جناب امِت کمار : اسسٹنٹ ڈائرکٹر، پرائمری ایجوکیشن، محکمہ تعلیم، حکومت بہار
☆ جناب مدھوسودن پاسوان : پروگرام آفیسر، بہار ایجوکیشن پروجیکٹ کونسل، پٹنہ
☆ جناب رام شرناگت سنگھ : جوائنٹ ڈائرکٹر محکمہ تعلیم، حکومت بہار، پٹنہ
☆ ڈاکٹر سید عبدالمعین : صدر، ٹیچرس ایجوکیشن، ایس سی ای آر ٹی، پٹنہ
☆ محترمہ شوبھا شانڈلیہ : ایجوکیشن اکسپرٹ، یونیسیف، پٹنہ
☆ ڈاکٹر گیان دیومنی تریاٹھی : پرنسپل میتری کالج آف ایجوکیشن اینڈ مینجمنٹ، حاجی پور

### ماہر موضوعات :

☆ ڈاکٹر ہردے کانت دیوان : ودیا بھون سوسائٹی، اودے پور، (راجستھان)

# مجلس برائے فروغ درسی کتاب

### کوآرڈی نیٹر :

☆ جناب تیج نارائن پرساد : لکچرر، ایس سی ای آر ٹی، بہار، پٹنہ
☆ جناب سنیہا شیش داس : لکچرر، ایس سی ای آر ٹی، بہار، پٹنہ

### مرتبین (ہندی) :

☆ جناب اشوک کمار : معاون استاد، مڈل اسکول، تنگدیوا، جموئی
☆ جناب محمد قمرالدین انصاری : معاون استاد، مڈل اسکول، پنہ کلا، پریا، گیا
☆ جناب محمد زاہد حسین : معاون استاد، مڈل اسکول، نورسرائے، سنگت، نالندہ
☆ جناب اسداللہ حیدر : معاون استاد، اپ گریڈ، مڈل اسکول، بھوپت پور، آرہ (بھوجپور)
☆ جناب وکاس کمار : اسسٹنٹ ریسورس پرسن، بہار ایجوکیشن پروجیکٹ، جموئی
☆ جناب پرسون کمار : ڈاکٹر یشودھر کنیریا، ودیا بھون سوسائٹی، اودے پور (راجستھان)

### مصوری و لے آؤٹ :

☆ جناب پرشانت سونی، اسرار احمد، شاکر احمد

### نظر ثانی (ہندی)

ڈاکٹر سمیر کمار، صدر شعبۂ نباتات، ایچ ڈی جین کالج، آرہ (بھوجپور)

ڈاکٹر چندراوتی جی، شعبۂ نباتات، اے این کالج، پٹنہ

### اشتراک

یونیسیف، بہار، پٹنہ

### مرتّب (اردو)

جناب سید اسمٰعیل حسنین نقوی، سابق ریڈر، لینگویج اکسپرٹ، بہار اسٹیٹ ٹکسٹ بک پبلشنگ کارپوریشن لمیٹیڈ، پٹنہ

# اساتذہ سے

بچے جب اسکول جانا شروع کرتے ہیں تب انہیں اپنے ماحول کا کافی علم ہوتا ہے۔ ان کے آس پاس پائے جانے والے جانداروں، نباتات کی دنیا، گھر اور پڑوس کے رشتوں وغیرہ سے وہ روز ہی روبہ رو ہوتے ہیں۔ اس دوران وہ اپنے آس پاس، جو کچھ بھی دیکھتے ہیں، اسے جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔ بچے بچپن سے ہی دنیا کو اپنی کوششوں سے سمجھنے لگتے ہیں۔ اسکول آنے سے پہلے ہی ان میں دنیا کو سمجھنے کی ایک سمجھ پیدا ہو چکی ہوتی ہے۔ اساتذہ کی ذمہ داری ہوتی ہے کہ وہ بچے کی اس سمجھ کو واضح کرنے اور مزید فروغ دینے کی کوشش کریں۔

درجہ اول اور دوم میں شامل اسباق کے ساتھ ہی ماحولیات سے متعلق باتوں اور سمجھ کو فروغ دینے کے لئے، بغیر ماحولیات نام کا چرچا کئے ہی، بچوں کی سوچ کو فروغ دینے کی کوشش کی گئی ہے۔

اس کتاب کے ذریعہ بچوں کو پہلی بار اسکول کے درجہ 3 میں ماحولیات کو ایک موضوع کی شکل میں پڑھایا جائے گا۔ اس لئے اسباق کے موضوعات کو اس طرح چنا گیا ہے کہ ان میں بچوں کو اپنے ماحول کی شبیہ نظر آئے اور ساتھ ساتھ وہ بچوں کو ماحول سے کچھ باہر جانے کا بھی موقع فراہم کریں۔

اسباق کی مشق میں یہ کوشش کی گئی ہے کہ بچوں کو ماحولیات سے متعلق اپنے علم کے اظہار کا خاطر خواہ موقع حاصل ہو اور بچے اسے خود منظم بھی کر سکیں۔ اس کے لئے بچوں کو اسباق میں مشاہدہ اور درجہ بندی کے بھی بہت سے موقعے دئے گئے ہیں۔ یہ بھی کوشش کی گئی ہے کہ بچوں پر بہت ساری جانکاریاں اور وضاحتیں تھوپی نہ جائیں، بلکہ بچوں کے تجسس کو جگہ ملے۔ لہذا بچوں کو تخیل کرنے، اندازہ لگانے، آسان تجربہ کرنے اور نتیجہ نکالنے کے موقعے دئے گئے ہیں۔

اس بات کا بھی خیال رکھا گیا ہے کہ درجہ۔3 کے بچے زبان سیکھنے کے عمل میں ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اسباق زیادہ طویل نہیں ہیں اور بچوں کے لئے ہدایات بھی واضح اور مناسب ترین ہیں۔ کوشش یہی کی گئی ہے کہ بچے زیادہ تر اسباق خود پڑھ کر سمجھ لیں۔ پھر بھی کہانیوں اور نظموں کو سمجھنے کے لئے آپ کو ان کی مدد کرنی ہوگی۔

اس پوری کتاب میں آپ پائیں گے کہ بچوں کی بنیادی سمجھ کو فروغ دینے کی کوشش کی گئی ہے۔ کئی سوالات ایسے ہیں جن میں بچوں کو بہت سارے ممکنہ جواب نظر آئیں گے۔ ان سب جوابات کا لحاظ رکھنا ضروری ہے اور بچوں کے جوابات کو صحیح یا غلط میں باندھنے کی ضرورت نہیں ہے۔

کتاب کی بہت ساری سرگرمیاں ایسی ہیں، جن میں بچوں کو ایک دوسرے سے بات کرنے کا موقع دیا گیا ہے۔ آپ ان سرگرمیوں کو درجہ میں بڑھاوا دیں کیوں کہ بچوں کی افزائش معلومات اور فروغ میں آپ کا اہم رول ہے۔

معزز اساتذہ کرام! آپ کی حوصلہ افزائی بچوں کی تخلیقی اور تعمیری صلاحیت کو فروغ دے گی، ایسا آپ سے فطری توقع ہے۔

کوآرڈینیٹر

صوبائی کونسل برائے تعلیمی تحقیق و تربیت، بہار، پٹنہ

# اسباق کی فہرست


| سبق نمبر | سبق کا عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| سبق۔1 | چچا جان کی شادی | 1 |
| سبق۔2 | ہمارا خاندان | 6 |
| سبق۔3 | جانداروں کی دنیا | 11 |
| سبق۔4 | رنگ برنگے پر (پنکھ) | 18 |
| سبق۔5 | پیڑ پودوں سے دوستی | 25 |
| سبق۔6 | پتّہ ہوں میں ہرا ہرا | 30 |
| سبق۔7 | قسم قسم کی غذائیں | 35 |
| سبق۔8 | کچھ کچّا، کچھ پکا ہوا | 40 |
| سبق۔9 | پکائیں گے اور کھائیں گے | 45 |
| سبق۔10 | گھروں کی واقفیت | 48 |
| سبق۔11 | دیوالی کی تیاری | 53 |
| سبق۔12 | سمت کی واقفیت | 60 |
| سبق۔13 | اسکول کے آس پاس (قرب وجوار) | 65 |
| سبق۔14 | پانی | 69 |
| سبق۔15 | داناپور سے شیر پور کا سفر | 77 |

| | | |
|---|---|---|
| سبق۔16 | خطوط کے سفر | 85 |
| سبق۔17 | قِسم قِسم کے لباس (کپڑے) | 90 |
| سبق۔18 | اُچھل کود | 94 |
| سبق۔19 | کوشش کرکے دیکھئے | 99 |
| سبق۔20 | آؤ کھیلیں مٹی سے | 105 |

سبق ۔1

# چچا جان کی شادی

چچا جان نے جب بیاہ رَچایا،
مہمانوں کو دعوت نامہ بھجوایا!
گھر آئے سب رشتہ دار،
بھرا، پورا، اپنا پریوار!
دہلی سے ماما، مامی آئے،
ساتھ میں نانا، نانی آئے!
ساڑی، مہندی، چوڑی لٹھی،
کئی سوغاتیں تحفہ میں لائے!
پھوپھا، پھوپھی اور خالو، خالہ،
بہت دُور سے آئے ہیں!!
ساتھ میں اپنے پیارے پیارے
بچوں کو بھی لائے ہیں!!
دادا، دادی کے، کیا ہیں کہنے،
اُن کے ہم سب پیارے اپنے!
اماں، ابّاؔ، خوش ہیں کتنے،
رشتہ دار جب آئے اتنے!
(ماخوذ)



◆ اب بتاؤ

1 اس نظم میں کون کون سے رشتوں کے نام آئے ہیں؟

.............................. .............................. ..............................

.............................. .............................. ..............................

2 کیا آپ کسی شادی میں شرکت کے لئے اپنے شہر سے باہر گئے ہیں؟ کس کی شادی میں اور کہاں؟

..........................................................................................

3 وہاں آپ کے کون کون سے رشتہ دار آئے تھے؟ فہرست بنایئے!

.............................. .............................. ..............................

.............................. .............................. ..............................

4 ایسے مواقع بتایئے، جب آپ کے یہاں دوسری جگہوں سے بھی رشتے دار آئے ہوں؟

.............................. .............................. ..............................

.............................. .............................. ..............................

5 ملان کیجئے:

| | |
|---|---|
| نانا | پھوپھی کے شوہر |
| ماموں | خالہ کے شوہر |
| چچی | اماں کے والد |
| تاؤ | چچا کی اہلیہ |
| خالو | اماں کے بھائی |
| پھوپھا | ابّا کے بڑے بھائی |

6 نظم کی مناسبت سے رشتوں کو بھریئے!

| نمبر شمار | دادا | دادی |
|---|---|---|
| 1 | | |
| 2 | | |
| 3 | | |
| 4 | | |
| 5 | | |

رباب اور فرحان بھائی بہن ہیں۔ دونوں بہت خوش ہیں۔ آج ان کی پھوپھی صاحبہ اپنے بچوں کے ساتھ گھر آئی ہیں۔ رباب اور فرحان نے پھوپھی صاحبہ کو ادب سے سلام کیا۔ پھوپھی صاحبہ نے پیار سے فرحان کو گود میں اٹھالیا۔ رباب کے چچا جان کی شادی پانچ دنوں بعد ہونے والی ہے۔ گھر میں زور و شور سے شادی کی تیاریاں چل رہی ہیں۔

دادا صاحب پڑوسیوں کو دعوت نامہ دینے کے لئے شادی کارڈ پر نام اور پتے لکھ رہے ہیں۔ فرحان اور رباب ایک ایک کارڈ ان کے ہاتھ میں دے رہے ہیں۔ دادا صاحب نے دریافت کیا، فرحان اور رباب تم لوگ بھی اپنے کسی دوست کو دعوت نامہ دو گے؟ انہوں نے اپنے دوستوں کے نام اور پتے لکھ کر اپنے دادا صاحب کو دیا۔ دادا صاحب نے مسکراتے ہوئے ان کے نام شادی کارڈ پر لکھ دیئے۔

اگر آپ کے گھر میں شادی کی تقریب ہو تو آپ اپنے قریبی دوستوں کو بلانا چاہیں گے؟ ان دوستوں کے نام لکھئے:-

.................... .................... ....................

.................... .................... ....................

چند دنوں بعد شادی کی تقریب کا دن آ ہی گیا۔ آج بارات آئے گی، گھر میں سبھی رشتہ دار آئے ہوئے ہیں، سبھی اِدھر اُدھر بھاگ دوڑ کر کے شادی کے سلسلے کے کام انجام دے رہے ہیں۔

لیجئے! بارات بھی آ گئی۔ بڑی دُھوم دھام سے شادی کی تقریب بھی انجام پا گئی۔ رباب اور فرحان کی چچی صاحبہ شادی کے موقع پر آئی ہوئی ہیں۔ گھر میں سبھی لوگ بہت خوش تھے۔

دادی اماں نے خوش ہوکر کہا ''کتنا اچھا اور بڑا ہے ہمارا خاندان''۔ رباب نے دریافت کیا، دادی اماں، خاندان کسے کہتے ہیں؟

دادی اماں مسکراتے ہوئے بولیں، جب گھر میں والدین (ماں باپ) ان کے بھائی-بہن، دادا-دادی اور سبھوں کے بچے ایک ساتھ رہتے ہیں تو اسے ہی ''خاندان'' کہتے ہیں۔ اپنے خاندان میں، میں (دادی) تمہارے دادا صاحب، ماں-باپ، چچا-چچی جان اور تم سب بھائی-بہن ہیں۔ ہم سب کے ساتھ ساتھ رہنے کی وجہ سے سبھی لوگ ایک دوسرے کے دُکھ-سُکھ (غم اور خوشی) میں کام آتے ہیں، اسی لئے خاندان کا حصہ بننے میں فائدہ ہے۔

**بتائیے:**

1 آپ کے خاندان میں کتنے افراد ہیں؟ ان کے نام اور ان سے آپ کا کیا رشتہ ہے جدول (ٹیبل) میں لکھیے!

| نمبر شمار | نام | رشتہ |
|---|---|---|
| 1 | | |
| 2 | | |
| 3 | | |
| 4 | | |

2 آپ والدین (ماں باپ) کی طرف کے رشتے کے نام لکھیے!

| نمبر شمار | نانا صاحب | دادا صاحب |
|---|---|---|
| 1 | | |
| 2 | | |
| 3 | | |
| 4 | | |
| 5 | | |

3 آپ کے ماموں جان کا بیٹا، آپ کی اماں کا کیا لگے گا؟

..........................................................

4 آپ کی پھوپھی صاحبہ کی بیٹی، آپ کی اماں کی کیا لگے گی؟

..........................................................

5 رباب کی چچی صاحبہ شادی کے بعد اور کس نئے رشتہ سے پکاری جائیں گی؟

.................... .................... ....................

.................... .................... ....................

6 درج پہیلی سے رشتوں کے نام تلاش کیجئے اور خالی جگہوں میں لکھئے۔ سلسلہ وار نمبر شمار میں آرہے حروف کا دوبارہ استعمال بھی کرسکتے ہیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ب | پ | تا | پھو | پھا |
| ہ | د | وا | جے | با |
| نا | وا | وا | ٹھا | با |
| د | را | ما | تا | نو |
| با | چا | چا | بھا | ئی |
| دا | چی | بھا | نا | جا |

(i) .................... (vii) ....................

(ii) .................... (viii) ....................

(iii) .................... (ix) ....................

(iv) .................... (x) ....................

(v) .................... (xi) ....................

(vi) .................... (xii) ....................

سبق۔2

# ہمارا خاندان



نصرت کا خاندان

یہ نصرت کا خاندان ہے۔ نصرت اپنی امی جان، ابّا جان اور بھائی رضوان کے ساتھ ہنسی خوشی رہتی ہے۔ نصرت کے ابّا جان ایک اچھے کسان ہیں۔ نصرت اور رضوان قریب کے ایک اسکول میں پڑھنے جاتے ہیں۔

یہ فیضان کا خاندان ہے۔ فیضان اپنے دادا صاحب، دادی صاحبہ، امی جان، ابا جان، چچا چچی جان، پھوپھی، چچیری بہن مہر اور اپنی بہن زینت کے ساتھ رہتا ہے۔ اس کے چھوٹے چچا جان شہر میں پڑھتے ہیں، اس لئے وہ شہر میں رہتے ہیں۔ فیضان کے ابا جان کی کپڑے کی دکان ہے۔ بڑے چچا جان ایک اسکول میں ''معلم'' ہیں اور چچی جان ایک ہسپتال میں ''نرس'' ہیں اور اس کی امی جان گھر کے سارے کام سنبھالتی ہیں۔ گھر کے سبھی لوگوں کا کھانا ایک ہی ساتھ بنایا جاتا ہے۔ رات کا کھانا سبھی لوگ ایک ساتھ مل کر کھاتے ہیں۔

فیضان کا خاندان

1 آپ بھی اپنے خاندان سے متعلق کچھ بتائیے:

(i) آپ کے خاندان میں کُل کتنے افراد (لوگ) ہیں؟ ..........................................

(ii) آپ کے ابّا جان کا نام کیا ہے؟ ..........................................

(iii) آپ کی اماں جان کا نام کیا ہے؟ ..........................................

(iv) اپنے خاندان کے سبھی ارکان یعنی افراد کے نام صاف صاف لکھئے:

..........................................................................................

..........................................................................................

2 آپ کے گھر میں کون لوگ، کس طرح کے کام کرتے ہیں؟ اسے نیچے کے جدول (ٹیبل) میں لکھئے!

| نمبر شمار | کام کی تفصیل | کون کیا کرتا ہے |
|---|---|---|
| 1 | پانی بھرنا | |
| 2 | گھر کو صاف ستھرا رکھنا | |
| 3 | کھانا بنانا | |
| 4 | بازار سے سامان خریدنا | |
| 5 | کپڑے دھونا | |
| 6 | جانوروں کی نگرانی کرنا | |
| 7 | نوکری یا تجارت کرنا | |
| 8 | گھر کے ضروری فیصلے لینا | |

3 ایسے دو کام بتائیے جو آپ کے ابّا جان آپ کے لئے کرتے ہیں؟

..........................................................................................

4 ایسے دو کام بتائیے، جو آپ کی اماں جان آپ کے لئے کرتی ہیں؟

..........................................................................................

5 آپ اپنے گھر میں کس طرح کے کام کرتے ہیں؟

..........................................................................................

6 خاندان میں سبھی افراد (لوگ) اگر ایک ساتھ نہیں رہیں تو کیا ہوگا؟

..........................................................................................

7 آپ اپنے دادا صاحب سے دریافت کر کے بتایئے کہ وہ کس طرح رہا کرتے تھے اور آپ کے ساتھ کتنے افراد ساتھ تھے؟ وہ لوگ کون سا کام کرتے تھے؟

..........................................................................

8 خاندان میں آپ کو سب سے اچھا کون لگتا ہے، اور کیوں؟

..........................................................................

9 آپ کی اماں جان آپ کے خاندان میں آنے سے پہلے کہاں رہتی تھیں؟

..........................................................................

10 (i) اپنی اماں جان سے ان کے بچپن سے متعلق دریافت کر کے بتایئے کہ وہ بچپن میں کون سے کام کیا کرتی تھیں؟

..........................................................................

(ii) آپ کی اماں جان کو گھر کے بارے میں کام کس نے سکھائے تھے؟

..........................................................................

11 آپ اپنے گھر پر کس طرح کے کام کرتے ہیں؟

..........................................................................

12 درج ذیل جدول (ٹیبل) میں چند کاموں کی تفصیل لکھی گئی ہے جسے آپ گھر پر کرتے ہیں، ان میں اور کون سا کام جوڑا جائے اور یہ بھی واضح کریں کہ یہ کام کس نے آپ کو سکھایا؟

| نمبر شمار | کام کی تفصیل | کام سکھانے والے | نمبر شمار | کام کی تفصیل | کام سکھانے والے |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | کپڑے پہننا | | 6 | | |
| 2 | بال جھاڑنا | | 7 | | |
| 3 | | | 8 | | |
| 4 | | | 9 | | |
| 5 | | | 10 | | |

## فیضان کا خاندان




13 فیضان نے اوپر اپنے خاندان کا شجرہ بنایا ہے۔ اسی طرح آپ بھی اپنے خاندان کے افراد کے نام کے ساتھ ایک شجرہ بنائیے!

14 خاندانی شجرہ میں ااپ نے دیکھا کہ دادا-دادی صاحبان سے کس طرح خاندان کی افزائش ہوتی ہے۔ والدین (ماں باپ) چچا-چچی جان، بھائی-بہن، پھوپھی-پھوپھاجان وغیرہ خاندان کے لوگوں کی مقدار دھیرے دھیرے بڑھتی جاتی ہے۔

سبھی لوگ مل جل کر ایک ''خاندان'' بناتے ہیں۔

ایک خاندان کے افراد میں کئی طرح کے مساوات (برابری) بھی پائے جاتے ہیں۔ فیضان کو یاد آیا کہ اس کی دادی اماں اکثر کہا کرتی ہیں کہ وہ اپنے دادا صاحب جیسا لمبا ہے۔ بال سنوارنے کے وقت نصرت اپنی اماں جان سے کہتی ہے کہ اماں! میرے بال تمہارے جیسا ہی ہے۔

آپ پتہ کیجئے کہ آپ کی کون سی چیز خاندان کے کس فرد (رکن) سے مل سکتی ہے؟

(i) آواز ........................

(ii) آنکھ ........................

(iii) ناک ........................

(iv) بال ........................

(v) رنگ ........................

سبق-3

# جانداروں کی دنیا

پڑھیے اور پہیلیوں کے حل لکھیے



کالی کالی میں متوالی
کرتی رہتی ہوں جُگالی

ہرے ہرے ہیں میرے پَر
لال میری چونچ کا رنگ



ٹیڑھا میڑھا چلتا ہوں
جھاڑ، بِل میں رہتا ہوں



گول گول، میں جال بناتی
چھوٹے جانداروں کو اُلجھاتی

1 آپ اپنے پاس پڑوس میں پائے جانے والے جانداروں کی ایک فہرست (List) بنائیے۔ اس فہرست میں چرند و پرند، کیڑے مکوڑے اور مختلف قسم کے پتنگوں کو شامل کیجیے۔

.................. .................. ..................

.................. .................. ..................

.................. .................. ..................

2 آپ خود تالاب کے کنارے جا کر دیکھئے کہ وہاں کون کون جاندار ہیں، ان کے نام لکھئے۔

.................. .................. ..................

.................. .................. ..................

.................. .................. ..................

3 آپ اپنے قرب وجوار کے پیڑوں کو دیکھئے اور ان پر بسیرا کرنے والے جانداروں کے نام کی فہرست تیار کیجئے۔

.................. .................. ..................

.................. .................. ..................

.................. .................. ..................

4 آپ اپنے گھر کے اندر اور کمروں میں پائے جانے والے جانداروں کو دیکھئے اور ان کے نام کی فہرست تیار کیجئے!

.................. .................. ..................

.................. .................. ..................

5 (i) یہ مکڑی کا گھر ہے، اسے غور سے دیکھئے اور تبادلہ خیال کیجئے کہ یہ مکڑی اپنا گھر کیسے بناتی ہے؟

.................. .................. ..................

.................. .................. ..................

.................. .................. ..................



(ii) مکڑیاں ایسے گھر کیوں بناتی ہیں؟

........................................................

.6 رنگ برنگی تتلی رانی،
کرتی ہے اپنی من مانی!
پھولوں پر منڈراتی ہے،
ہاتھ کبھی نہیں آتی ہے!

آپ اس تصویر میں رنگ بھریئے اور بتائیے کہ آپ نے کون کون سے رنگوں والی تتلیاں دیکھی ہیں؟

........................................................

........................................................

........................................................

........................................................

7 1 سے 19 تک کے نقطوں کو ملایئے اور بننے والی تصویر میں رنگ بھریئے:



8 آپ اپنے گھر کے آس پاس نظریں دوڑایئے اور بتایئے کہ کون کون سے جانوروں اور پرندوں کو لوگ پالتے ہیں؟

.................... .................... ....................

.................... .................... ....................

.................... .................... ....................

9 ایسے جانداروں کے نام لکھئے جنہیں دُم (پونچھ) ہوا کرتی ہے؟

.................... .................... ....................

.................... .................... ....................

.................... .................... ....................

10 ایسے جانداروں کے نام لکھئے جنہیں اگر چھیڑا جائے تو وہ لپک کر کاٹنے کے لئے دوڑتے ہیں؟

.................... .................... ....................

.................... .................... ....................

.................... .................... ....................

11 اب تک آپ نے مختلف جانداروں کے بارے میں واقفیت حاصل کرلی ہے۔ کون سا جاندار ایک جگہ سے دوسری جگہ کس طرح اپنی منتقلی طے کرتا ہے۔ نیچے کے جدول (ٹیبل) میں درج کیجئے۔

| نمبر شمار | چل کر | اُڑ کر | تیر کر | پھدک کر | رینگ کر |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | | | | | |
| 2 | | | | | |
| 3 | | | | | |
| 4 | | | | | |
| 5 | | | | | |
| 6 | | | | | |

12 سبھی جانداروں کی غذائیں الگ الگ ہوتی ہیں۔ ان کی غذا کی بنیاد پر درج ذیل جدول میں ان کے نام لکھیے:

| نمبر شمار | جو گوشت کھاتے ہیں | جو گوشت نہیں کھاتے ہیں |
|---|---|---|
| 1 | | |
| 2 | | |
| 3 | | |
| 4 | | |
| 5 | | |
| 6 | | |

جو جاندار گوشت کھاتے ہیں انہیں "گوشت خور" کہتے ہیں اور جو جاندار گوشت نہیں کھاتے ہیں انہیں "سبزی خور" کہتے ہیں۔ سبزی خور جاندار پیڑ پودوں سے اپنی غذائیں مہیا کرتے ہیں۔

13 بتائیے: اوپر کی تصویروں میں کس طرح کا کام ہو رہا ہے۔

14 جانداروں کے نام لکھیے:

(i) چار پیر والے پانچ جانور۔

(ii) دو پیر والے تین جاندار۔

(iii) بغیر پیر والے تین جاندار۔

(iv) جگالی کرنے والے چار جانور۔

..........................................................................................................

(v) تین ایسے جاندار جو زبان سے پانی پیتے ہیں۔

..........................................................................................................

(vi) تین ایسے جاندار جو اپنی زبان سے غذائیں پکڑتے ہیں۔

..........................................................................................................

15 دیئے گئے مربع پہیلی میں نو "9" جانداروں کے نام چھپے ہوئے ہیں، انہیں تلاش کر کے لکھئے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ب | بن | ہا | گا | کھ |
| ک | د | تھی | ئے | ر |
| ری | ر | ش | یے | گو |
| کھ | ٹ | م | ل | ش |
| سی | یا | ر | گ | دھا |

بتائیے: (i) مربع پہیلی میں سب سے بڑا جاندار کون ہے؟

..........................................................................

(ii) مربع پہیلی میں سب سے چھوٹا جاندار کون ہے؟

..........................................................................

ہدایت برائے اساتذہ کرام: موضوعات کی سمجھ، مشق کے تحت بچوں سے حل کروانا ہے۔ بچے اپنے قریب کے بہت سے جانداروں سے واقف ہیں، وہ جن سے واقف نہیں ہیں، اپنے قرب وجوار میں لے جا کر جدول (ٹیبل) کے ذریعہ متعارف کرائیں گے اور درجہ بندی بھی کرائیں گے۔ موضوعات کی سمجھ مشقوں میں شامل ہیں۔

سبق-4

# رنگ برنگے پَر (پنکھ)

ایک دن کی بات ہے وسیم ندی کے کنارے اپنے دوستوں کے ساتھ چہل قدمی (ٹہلنا) کر رہا تھا۔اس نے ایک نیل کنٹھ کو پیڑ پر بیٹھا دیکھا، وہ اپنی چونچ سے اپنے پَروں (پنکھوں) کو سہلا رہا تھا۔پنکھوں کو سہلانے سے چند پَر اس کے جسم سے جھڑ کر نیچے گر گئے۔ وسیم نے اسے اُٹھالیا۔دوران چہل قدمی کئی جگہوں پر بہت سارے دوسرے پرندوں کے ''پَر'' بھی گرے ہوئے تھے۔وسیم اور اس کے دوستوں نے ان ''پَروں'' کو چُن لیا۔

1 بتائیے کہ دوران چہل قدمی کتنے پرندوں کے ''پَر'' ہو سکتے ہیں؟

..............................................................................

..............................................................................



2 چنے ہوئے ''پَروں'' کو پہچانیے اور ان پرندوں کے متعلق جو آپ جانتے ہیں مختصراً لکھیے۔

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

وسیم اور اس کے دوست راجندر ان ''پَروں'' کو حاصل کر کے بہت خوش ہوئے۔ فہیم نے کہا، ان ''پَروں'' کو اپنے درجہ (کلاس) میں سجائیں گے۔ موہن خوشی کا اظہار کرتے ہوئے بولا، بڑا مزہ آئے گا اور ہمارے معلم (ٹیچر) بھی خوش ہو جائیں گے۔

دوستوں کے ہمراہ خاموش بیٹھا شیام بھی کچھ سوچ رہا تھا کہ پرندے آخر کون سی غذا کھاتے ہوں گے۔ کیا وہ اپنا آشیانہ (گھونسلہ) آسانی سے بنا پاتے ہوں گے اور اگر نہیں تو پھر کہاں رہتے ہوں گے؟

شیام نے دوستوں سے اُن باتوں کی واقفیت حاصل کرنی چاہی۔ سبھوں نے پرندوں سے متعلق پتہ لگانے کا ارادہ کیا۔

3 پتہ لگائیے کہ کون سے پرندے کس طرح کی غذائیں کھاتے ہیں اور وہ کہاں رہتے ہیں۔

| نمبر شمار | پرندوں کے نام | کون سی غذا کھاتے ہیں | پرندے کہاں رہتے ہیں |
|---|---|---|---|
| 1 | گوریّا | چاول گیہوں | پیڑ پر |
| 2 | | | |
| 3 | | | |
| 4 | | | |
| 5 | | | |
| 6 | | | |
| 7 | | | |
| 8 | | | |
| 9 | | | |
| 10 | | | |

ایک پرندہ کے گھونسلہ کو نہایت غور سے عظمت دیکھ رہی تھی، عظمت نے کہا، دیکھو دیکھو یہ گھونسلہ کتنا خوبصورت ہے۔

4 بتائیے کہ پرندے اپنا گھونسلہ کون سی چیزوں سے بنا سکتے ہیں۔

........................ ........................ ........................

........................ ........................ ........................

رضوان نے کہا! میرے گھر میں ایک گوریاّ نے گھر کے چھپّر میں اپنا گھونسلہ بنالیا ہے۔ اس گھونسلہ میں اس کے دو ننھے منھے بچے بھی رہتے ہیں اور گوریا اپنی چونچ سے اپنے بچوں کو چھوٹے چھوٹے دانے کھلاتی ہے۔

اتنا سن کر رحمت کہاں خاموش رہنے والی تھی۔ رحمت نے کہا، دادا صاحب نے کل ہی تو چھت پر مٹی کے برتن میں پانی رکھوایا تھا اور چاول کے دانے بھی چھت پر چھٹوائے تھے۔ تھوڑی دیر بعد چھت پر بہت ساری گوریاّ اور کبوتر وغیرہ آدھمکے۔ میری اماں جان نے کسی کو بھی چھت پر جانے نہیں دیا۔ پرندے (چڑیاں) بہت آرام سے سبھی دانے چگنے میں مشغول رہے۔



دوستوں کے ساتھ گپ شپ کرتے ہوئے کافی وقت گذر چکا تھا اور شام کی شروعات ہونے لگی تھی، اسی دوران پرندے اپنے اپنے گھونسلوں کی طرف واپس ہونے لگے تھے۔ وسیم بھی اپنے دوستوں کے ہمراہ رنگ برنگ کے ''پَر'' لے کر اپنے گھر لوٹ آیا۔

5 کیا آپ نے کبھی پرندوں کو دانہ - پانی دیا ہے؟

..........................................................

..........................................................

6 آپ اپنے قرب و جوار کے پرندوں کو دیکھئے اور پتہ لگائیے کہ وہ اپنے بچوں کو کس طرح غذا مہیا کرا کر انہیں کھلاتے ہیں۔ اس کام کے لئے آپ اپنے بزرگوں اور معلم حضرات کے تعاون حاصل کر سکتے ہیں۔



..........................................................

..........................................................

..........................................................

7 آپ اپنے منہ سے پرندوں جیسی آواز نکالئے اور اس جدول کو پورا کیجئے۔

| پرندوں کی بولیاں | پرندوں کے نام | نمبر شمار |
|---|---|---|
| ککڑوں کوں | مرغ | 1 |
| | گوریا | 2 |
| | کوئل | 3 |
| | کوا | 4 |
| | طوطا | 5 |
| | مور | 6 |
| | بطخ | 7 |
| | کبوتر | 8 |

8 بہت سارے پرندے دور دراز سے آکر آپ کے علاقوں میں کچھ مہینوں کے لئے بسیرا کرتے ہیں۔ معلم کی مدد سے ان کے نام لکھیے۔

.................................................

.................................................

9 اپنے دادا صاحب یا گاؤں کے کسی بزرگ محترم سے دریافت کیجئے کہ کون کون سے پرندے ان کے وقت میں بہت بڑی تعداد میں نظر آتے تھے لیکن ان دنوں وہ بہت کم دکھائی دیتے ہیں۔ اس کی وجہ کیا ہے؟

................ ................ ................

................ ................ ................

اسے پہچانئے اور اس سے متعلق تین چار جملے لکھیے۔

.................................................

.................................................

.................................................

.................................................

10 ان تصویروں میں رنگ بھریئے اور ان کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟ لکھیے!

(i)



.................................................

.................................................

.................................................

.................................................

.................................................

(ii) ..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................



(iii) ..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................



(iv) ..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................



11 آپ چونچ کی بنیاد پر پرندوں کو پہچانیے اور ان کے نام لکھیے:

نام..................

نام..................



نام..................

نام..................



نام..................

نام..................

12 آپ مختلف اقسام کے پرندوں کے ''پَر'' (Quill) اکٹھا (جمع) کیجئے اور اپنے معلم صاحب کی مدد سے ایک سادے کاغذ پر چپکا کر اپنے درجہ (Class) میں لٹکائیے اور ان ''پَروں'' کے نیچے ان پرندوں کے نام بھی لکھیے۔

سبق - ۵

# پیڑ پودوں سے دوستی



یہ مہر کے گھر کے قریب والا باغیچہ ہے۔ واہ کتنا خوبصورت باغیچہ ہے۔ اس میں رنگ برنگ کے پھول کھلے ہیں اور ہری بھری گھانس وغیرہ دل کو لبھا رہی ہیں۔

۱ آپ نے بھی باغیچہ وغیرہ دیکھے ہوں گے یا اپنے قرب وجوار میں مختلف اقسام کے پیڑ پودے بھی دیکھے ہوں گے۔ ذرا ان کے نام تو لکھیے:

.................... .................... ....................

.................... .................... ....................

.................... .................... ....................

2 بہت سے پیڑ پودوں کے "تنے" بہت سخت (مضبوط) ہوتے ہیں جبکہ کچھ "تنے" ملائم (کمزور) ہوتے ہیں۔ اپنی فہرست سے سخت اور ملائم "تنے" والے پیڑ پودوں کے نام الگ الگ کر لکھیے۔

| نمبر شمار | مضبوط تنے | ملائم تنے |
|---|---|---|
| 1 | | |
| 2 | | |
| 3 | | |
| 4 | | |

3 بہت سے پیڑ پودے کافی لمبے جبکہ کچھ بہت زیادہ چھوٹے ہوتے ہیں۔ آپ اپنی اونچائی کی بنیاد پر اپنے سے بہت لمبے، اپنے برابر اور اپنے سے بہت چھوٹے پودوں کو الگ الگ کر کے لکھیے:

| نمبر شمار | آپ سے لمبے پیڑ پودے | آپ کے برابر کے پیڑ پودے | آپ سے چھوٹے پیڑ پودے |
|---|---|---|---|
| 1 | | | |
| 2 | | | |
| 3 | | | |

4 آپ نے جن پیڑ پودوں کی فہرست تیار کی ہے ان میں سے کس طرح کے پیڑ پودوں کے پھل ہم لوگ کھایا کرتے ہیں اور کس کے نہیں؟ جدول میں درج کیجیے۔

| نمبر شمار | کھانے والے پھل | نہیں کھانے والے پھل |
|---|---|---|
| 1 | | |
| 2 | | |
| 3 | | |
| 4 | | |

5 ایک تصویر پر آپ اپنی پسند کے کسی ایک پیڑ کو پھل کے ساتھ بنائیے اور اس میں رنگ بھی بھریے۔

## پیڑ سے دوستی:

مہر کو ''برگد'' کا پیڑ بہت اچھا لگتا ہے۔ وہ اسے اپنا دوست مانتی ہے۔ اس ''برگد'' کے پیڑ کے سایہ(Shade) میں بیٹھ کر آرام کرتی ہے۔ اس کی ڈالیوں میں جھولا جھولتی ہے۔ اسے دیکھ کر اکثر ایسا لگتا ہے جیسے وہ اپنے دوست سے باتیں بھی کر رہی ہے۔

اکثر مہر اس برگد کے پیڑ کے نیچے بیٹھ کر کبھی کبھی دنیا بنانے والے خالق (اللہ پاک) کی یاد میں محو ہو جاتی ہے۔

6 مہر کی طرح آپ کو بھی کوئی نہ کوئی پیڑ بہت اچھا لگتا ہوگا اور وہ دوست بھی ہوگا۔ اگر نہیں ہے تو آپ بھی اپنی پسند کے پیڑ سے دوستی کیجیے اور اس کے بارے میں کچھ بتائیے۔

(i) پیڑ کا نام کیا ہے؟ ......................................

(ii) کیا اس پیڑ میں پھل لگتے ہیں؟ ......................................

(iii) اس پر کس طرح کے پھول نکلتے ہیں؟ ......................................

(iv) کس موسم میں پھول نکلتے ہیں؟ ......................................

(v) اس کے پتے کی بناوٹ کس طرح کی ہے؟ ......................................

(vi) کیا اس پیڑ کا ''تنا'' آپ کی پکڑ میں آ رہا ہے؟ اپنی بانہوں میں جکڑ کر دیکھیے

......................................

......................................

(vii) ''تنے'' کو ہاتھ سے چھو (Touch) کر کے بتائیے کہ وہ کیسا ہے؟ سخت ہے یا کھردرا ہے اور اس کا رنگ کیسا ہے؟

......................................

......................................

(viii) اس پیڑ پر کس طرح کے پرندے بیٹھا کرتے ہیں؟

......................................

......................................

(ix) اس پیڑ سے آپ کو کیا فائدہ ہے؟

..............................................................................................................................

..............................................................................................................................

7 اس طرح ہمارے قرب و جوار میں بھی بہت سے پیڑ ہیں، جن سے بہت کچھ حاصل کیا جا سکتا ہے۔ ذرا سوچیے! ہمیں ان پیڑوں کے لئے کس طرح کے اقدام کرنے چاہئے۔

..............................................................................................................................

..............................................................................................................................

..............................................................................................................................

..............................................................................................................................

8 اگر پیڑ نہ ہوتے تو کیا ہوتا؟ اپنے دوستوں اور معلم صاحبان کے ساتھ تبادلہ خیال کیجئے:

..............................................................................................................................

..............................................................................................................................

..............................................................................................................................

..............................................................................................................................

سبق - 6

# پتّہ ہوں میں ہرا ہرا

پَتّہ ہوں میں، ہرا ہرا،
باغ باغیچوں میں، بھرا بھرا!
کبھی ڈال پر، سجا ہوا،
کبھی زمیں پر، پڑا ہوا!
نظر جدھر، دوڑاؤ گے،
مجھے اُدھر ہی ،پاؤ گے!
پَتّہ ہوں میں، گول گول،
ساتھ ہوا کے، رہتا ڈول!
لمبے لمبے، چھوٹے چھوٹے،
کچھ چکنے، کچھ کٹے پھٹے!
دُھوپ لگے، مرجھاتا ہوں،
پانی پاکر، اِٹھلاتا ہوں،
پَتّہ ہوں میں، بڑے کام کا،
چاہے پیپل، چاہے آم کا!
تُلسی ہے گھر کی خاص،
پُودینہ سے بجھتی پیاس!
بچوں کا یہ کہنا ہے
پتّوں کے ساتھ رہنا ہے

•

1 اس مختصر سی نظم میں کس طرح کے پتّوں کی بات کی گئی ہے؟ ان کے نام لکھیے:

.............................................................................................

.............................................................................................

2 اسی طرح کے بہت سارے پتّے آپ کے قرب و جوار میں بھی پائے جاتے ہوں گے۔ ان سبھی پتّوں کو جمع کر کے ان کی فہرست تیار کیجیے۔ اگر آپ ان کے نام نہیں جانتے ہوں تو معلم صاحب سے دریافت کرنے کی کوشش کیجیے۔

.................. .................. ..................

.................. .................. ..................

.................. .................. ..................

زیبا اپنی سہیلیوں کے ساتھ قسم قسم کے پتّے جمع کرنے گئی۔ ان سے ان پتّوں کو دیکھنے کے بعد محسوس کیا کہ وہ پتّے الگ الگ قسم کے ہیں یعنی کوئی پتہ نوکیلا ہے تو کوئی گول گول ہے، کسی کے کنارے کٹے پھٹے ہیں تو کسی کے بالکل سیدھے سپاٹ ہیں۔ زیبا نے ایک جدول بنا کر ان سب پتّوں کے نام درج کیے ہیں۔

3 آپ نے جتنے پتّوں کو جمع کیا ہے، ان کی بناوٹ اور کناروں کی بنیاد پر ان کے نام لکھیے۔

| نمبر شمار | نوکیلے پتّے | گول پتّے |
|---|---|---|
| 1 | پیپل | برگد |
| 2 | | |
| 3 | | |
| 4 | | |
| 5 | | |
| 6 | | |

4 کس طرح کے پتّوں کے کنارے کٹے پھٹے ہوتے ہیں؟

..................................................................

..................................................................

5 کس طرح کے پتّوں کے کنارے پھٹے نہیں ہوتے ہیں۔

..................................................................

..................................................................

6 نیچے دی گئی جگہوں میں اپنی پسند کے کسی چار پتّوں کی تصویریں بنائیے۔

| | |
|---|---|
| | |

## چلیے چھاپ بنایا جائے:

خوشتر نے اپنی پسند کے پتّوں میں سے چند کی تصویریں اور چند کی چھاپ بنائی۔ چھاپ بنانے کے لئے خوشتر نے سب سے پہلے پتّے کو جس طرف اس کی نسیں اُبھری ہوئی تھیں ایک میز یا زمین پر رکھ دیا۔

اس کے بعد ہلکے ہاتھ سے کاغذ پر موم کا رنگ پھیر دیا، پتّوں کی تصویریں اُبھر کر سامنے آنے لگیں۔

7 آپ بھی اپنی کاپی میں مختلف پتّوں کی چھاپ بنائیے۔ موم رنگ (Wax Colour) اگر نہ ہو تو پنسل کا استعمال کر سکتے ہیں۔

8 ایسے پتّوں کے نام بتائیے جو آپ کے گھروں میں غذا کے طور پر استعمال ہوتے ہیں۔

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

..................................................................................................

9 کھانے کے علاوہ پتّوں کو اور کس کس طرح کے کاموں میں استعمال میں لایا جاتا ہے؟

..................................................................................................

..................................................................................................

(i) تصویر ''الف'' میں کیا ہو رہا ہے؟

.......................................................................................................

(ii) تصویر ''ب'' میں کیا ہو رہا ہے؟

.......................................................................................................

(iii) آپ کو دونوں طریقوں میں کون سا طریقہ زیادہ مناسب لگتا ہے اور کیوں؟

.......................................................................................................

.......................................................................................................

سبق-15

# داناپور سے شیر پور کا سفر

ذیشان اور رضوان اپنے والدین (ماں باپ) کے ساتھ ''داناپور شہر'' میں رہتے ہیں۔ ان لوگوں نے گرمی کی تعطیل (چھٹی) میں اپنے گاؤں ''شیر پور'' جانے کا پروگرام بنایا۔ وہ گاؤں لکھی سرائے ضلع میں پڑتا ہے۔

صبح ساڑھے پانچ بجے ہی ان کے گھر پر آٹو رکشہ کا ڈرائیور آ گیا۔ گھر کے سبھی افراد اس پر سوار ہو کر پٹنہ جنکشن پہنچے۔ سات بجے صبح طوفان اکسپریس پٹنہ جنکشن کے پلیٹ فارم نمبر۔1 پر کھڑی تھی۔ سبھی افراد اس ٹرین پر سوار ہو گئے۔ دن کے بارہ بجے طوفان اکسپریس ٹرین لکھی سرائے ریلوے اسٹیشن پر پہنچی۔



ان لوگوں کے گاؤں ''شیر پور'' تک ریل لائن کا نظام نہیں تھا، اس لئے وہ سبھی لکھی سرائے ریلوے اسٹیشن پر اتر گئے اور ''شیر پور'' گاؤں جانے والی ''بس'' پر سوار ہوئے۔ بس میں کافی بھیڑ تھی، بس اسٹینڈ پر ذیشان کے چچا اور چچی جان ان لوگوں کے خیر مقدم کے ساتھ اپنے ساتھ گاؤں لے جانے کے لئے آئے تھے۔ سبھی لوگ ''ٹم ٹم'' پر سوار ہو کر اپنے گاؤں ''شیر پور'' پہنچے۔ دادا، دادی حضرات کو دیکھتے ہی بچے ان سے لپٹ گئے۔ رضوان نے کہا، آج ہم لوگوں کو بہت مزہ آرہا ہے کیونکہ آج صبح سے اب تک کئی قسم کی سواریوں پر چڑھنے کا موقع ملا۔ کبھی آٹو رکشہ پر تو کبھی ریل گاڑی، پھر بس میں اور بعد میں ٹم ٹم کی سواری کرنے پر بہت مزہ آیا۔ ذیشان نے کہا کہ چلتی ہوئی ریل گاڑی (ٹرین) سے پیچھے کی طرف بھاگتے ہوئے پیڑ پودوں اور چلتے پھرتے گھروں کو دیکھنا بہت اچھا لگ رہا تھا۔

رضوان نے کہا کہ مجھے تو سب سے زیادہ مزہ ''ٹم ٹم'' کی سواری پر آیا۔ گھوڑے کی ''ٹپ ٹپ'' اور ''ٹم ٹم'' کے بان (ٹم ٹم کے گھوڑے کو ہنکانے والا) کی بولی وغیرہ بھی بہت اچھی لگ رہی تھی۔

1 آپ نے بھی کبھی سفر کیا ہوگا؟ بتائیے آپ نے کہاں سے کہاں تک کا کامیاب سفر کیا ہے؟

..............................................................................................................

..............................................................................................................

2 سفر کے دوران آپ نے کون سی گاڑیوں کی سواریاں کی تھیں؟

..............................................................................................................

..............................................................................................................

3 آپ نے کتنی طرح کی سواریاں اپنے سفر کے دوران دیکھی ہوں گی؟ ان سبھی سواریوں کی فہرست مرتب (تیار) کیجئے۔

..............................................................................................................

..............................................................................................................

4 ان میں کون سی سواری، پٹرول یا ڈیزل سے چلتی ہے؟

..............................................................................................................

..............................................................................................................

..............................................................................................................

**کہاں، کون سی سواری:**

بہت ساری سواریاں زمین پر چلتی ہیں تو کچھ سواریاں پانی پر تیرتی ہیں اور کچھ سواریاں آسمان میں پرواز کرتی ہوئی نظر آتی ہیں۔

5 (i) کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ کون سی سواریاں زمین پر چلتی ہیں اور کون سی پانی پر تیرتی ہیں اور کون سی سواریاں ہوا میں پرواز کرتی ہیں؟

| نمبر شمار | زمین پر چلنے والی سواریاں | پانی پر تیرنے والی سواریاں | ہوا میں پرواز کرنے والی سواریاں |
|---|---|---|---|
| 1 | | | |
| 2 | | | |
| 3 | | | |
| 4 | | | |
| 5 | | | |
| 6 | | | |

(ii) اوپر کے جدول (ٹیبل) میں آپکی پسندیدہ سواری کون سی ہے؟ اس کے متعلق چند سطور لکھئے اور اس کی تصویر بھی بنائیے۔

..............................................................................................................

..............................................................................................................

آپ کی پسندیدہ سواری کی تصویر

6 ہمارے آمدورفت کے ساتھ ساتھ سامان ڈھولائی کے لئے بھی سواریوں کا استعمال ہوتا ہے۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ کون سی سواریوں کا استعمال کس طرح کے کاموں میں ہوتا ہے۔

| نمبر شمار | سواریوں کے نام | سفر کے لئے استعمال ہونے والی سواری | سامانوں کو ڈھونے کے لئے سواریاں | سفر اور سامانوں کو ڈھونے والی سواریاں |
|---|---|---|---|---|
| 1 | بس | | | |
| 2 | | | | |
| 3 | | | | |
| 4 | | | | |
| 5 | | | | |
| 6 | | | | |

7 ملان کیجیے:

| | |
|---|---|
| ریل گاڑی | آسمان |
| بس | پانی |
| ہوائی جہاز | سڑک |
| کشتی | پٹری |

8 سفر میں لگنے والے وقت کی بنیاد پر ان کو دھیمی چال سے تیز چال کی طرف لکھیے:

(i) ........................ (ii) ........................ (iii) ........................

(iv) ........................ (v) ........................ (vi) ........................

آمد و رفت (ٹریفک) کیا ہے؟

ذیشان اور رضوان اپنی پھوپھیری بہن عارفہ اور دادا-دادی جان کے ساتھ شام کے وقت گھومنے نکلے۔ دادی جان نے کہا، پہلے کے مقابلہ گاؤں میں بہت تبدیلی آگئی ہے۔ یہاں بھی شہروں کی طرح لوگوں کی بھیڑ دن بہ دن بڑھتی ہی جا رہی ہے۔

دادا جان نے کہا کہ سڑکوں کی تعمیر سے کافی آسانیاں ہوگئی ہیں۔ ''پیاز'' کے لئے بازار کافی بڑا ہو گیا ہے۔ دیکھو بہت ساری سواریاں ''پیاز'' کی ڈھولائی کے کام میں لگی ہوئی ہیں۔ سبھی لوگ اس طرف دیکھنے لگے جہاں ٹھیلے، بیل گاڑیاں، ٹرک اور ٹریکٹر وغیرہ لگے ہوئے تھے۔ جن پر ''پیاز'' کی بوریاں لادی جا رہی تھیں۔

عارفہ نے کہا کہ اتنے سارے سامانوں کو ڈھونے کے لئے سواریوں کو بہت طاقت لگانے کی ضرورت ہوتی ہوگی؟ آخر سواریوں میں طاقت آتی کہاں سے ہے؟

رضوان نے کہا کہ کچھ سواریاں مویشیوں کی مدد سے چلتی ہیں جبکہ کچھ پٹرول یا ڈیزل کے ایندھن سے اور کچھ سواریوں کو تو آدمی خود اپنی طاقت سے ہی کھینچتا ہے۔

9 آپ بتایئے کہ کون سی سواری کون سی طاقت سے چلتی ہے۔

| نمبر شمار | مویشیوں کی مدد سے چلنے والی سواریاں | آدمی کے ذریعہ کھینچی جانے والی سواریاں | ایندھن کے ذریعہ چلنے والی سواریاں |
|---|---|---|---|
| 1 | | | |
| 2 | | | |
| 3 | | | |
| 4 | | | |

باتوں باتوں میں ذیشان نے کہا کہ سواریوں کی مناسبت سے ان کے پہیے (چکّے) کے اشکال اور بناوٹ بھی الگ الگ ہوتی ہے۔

عارفہ نے کہا کہ کچھ سواریوں کے پہیے "ربر" کے بنے ہوتے ہیں تو کچھ کے "لکڑی" کے۔ ریل گاڑی کے پہیے تو "لوہے" کے بنے ہوتے ہیں۔

10 آپ نے بھی سواریوں کے پہیوں کو ضرور دیکھا ہوگا۔ بتایئے کس سواری کا پہیا کس چیز سے بنا ہوتا ہے؟

| سواریوں کے نام | پہیا کس چیز کا بنا ہوا ہوتا ہے |
|---|---|
| ............ | ............ |
| ............ | ............ |
| ............ | ............ |
| ............ | ............ |
| ............ | ............ |

رضوان نے کہا کہ مختلف قسم کی سواریوں میں ''پہیوں'' کی تعداد الگ الگ ہوتی ہے۔

11 کیا آپ پہیوں کی تعداد کی بنیاد پر سواریوں کے نام لکھ سکتے ہیں۔

| نمبر شمار | دو پہیا والی سواریاں | تین پہیا والی سواریاں | چار پہیا والی سواریاں | چھ پہیا والی سواریاں | چھ سے زیادہ پہیا والی سواریاں |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | | | | | |
| 2 | | | | | |
| 3 | | | | | |
| 4 | | | | | |
| 5 | | | | | |

اندھیرا ہونے لگا تھا۔ سبھی لوگ اپنے اپنے گھروں کی طرف واپس ہو رہے تھے تبھی ذیشان نے دریافت کیا کہ دادا جان ''پہیا'' اتنی آسانی سے کیسے گھومنے لگتا ہے؟ ذیشان کے دادا جان نے کہا کہ ہم لوگوں کو گھر پر کچھ کرنا چاہیے۔ انہوں نے اپنے بچوں کو ٹیبل پر رکھی کتاب ''سرکانے'' کے لئے کہا پھر کہا کہ کتاب کے نیچے دو پنسل ڈال کر کتاب کو سرکاؤ۔ سبھی بچوں نے ان کی ہدایت پر کام انجام دیا۔ ذرا آپ بھی کر کے دیکھیں اور سمجھیں کہ کتاب آسانی سے سرک رہی ہے یا نہیں؟

رضوان نے کہا کہ اب میں سمجھ گیا، پنسل گول ہے اس لئے کتاب آسانی سے سرک رہی ہے۔ اب میں بھی گول گول پہیوں والی سواری (گاڑی) آسانی سے بنا سکتا ہوں۔

**سوچ کر کیجیے:**

12 اگر آمد و رفت (نقل و حمل) کے وسائل نہیں ہوتے تو کیا ہوتا؟

.........................................................................................................

.........................................................................................................

13 کیا نقل وحمل ( آمدورفت ) کے وسائل سے کئی قسم کے نقصانات بھی ہو سکتے ہیں کیسے؟ لکھیے۔

..........................................................................................

..........................................................................................

14 اپنی پسندیدہ سواریوں کی تصویروں کو جمع کیجئے اور نیچے دیئے گئے چوکور خانہ میں چپکا کر دیکھئے وہ تصویریں کیسی لگتی ہیں۔

سبق-16

# خطوط کے سفر

دیکھو ایک ''ڈاکیہ'' آیا،
ساتھ میں اپنے ''تھیلہ'' لایا!
خاکی ٹوپی، خاکی وردی،
آکر اس نے جلدی کر دی!
شادی کا پیغام بھی آیا،
سب نے ہم لوگوں کو بلایا!
ہم سب شادی میں جائیں گے،
خوب مٹھائی کھائیں!

1 اوپر پیش کی گئی نظم میں ''خط'' کون سا پیغام لے کر آیا ہے؟

.............................................................................................................

.............................................................................................................

2 کون خط لے کر آیا؟

.............................................................................................................

.............................................................................................................

3 آپ کے محلّہ میں یا آپ کے گھر پر کہاں کہاں سے خطوط آیا کرتے ہیں۔

.............................................................................................................

.............................................................................................................

.............................................................................................................

کیا آپ کو معلوم ہے کہ ایک مقام (جگہ) سے دوسرے مقام تک خطوط کیسے پہنچتے ہیں؟ آیئے ایک ایسے ہی خط کے سفر کی دلچسپ کہانی سنتے ہیں۔ جسے رباب نے اپنی دوست نیتو کو لکھا تھا۔

## خط کا سفر

سیوان شہر سے رباب نے اپنی دوست نیتو کو پٹنہ کے پتہ پر لکھا تھا۔ رباب خط لکھ کر ایک خطوط والے سرکاری لال بکس میں ڈالا۔ ڈاکیہ (پوسٹ مین) نے مجھے (خط) نکال کر ایک بڑے ''تھیلا'' میں ڈال دیا۔ میں ڈاکیہ کی سائیکل پر سوار ہو کر ڈاک گھر (پوسٹ آفس) پہنچ گیا۔ وہاں مجھے ''تھیلا'' سے نکالا گیا اور مجھ پر ایک زوردار ٹھپہ (تاریخ کے ساتھ لوہے کی مہر) لگایا گیا۔ وہ ٹھپہ یا مہر سیوان ضلع کا تھا اور اب شروع ہوا میرا دلچسپ سفر۔

لوہے کی مہر کے بعد پہنچا میں دوسرے تھیلے میں، اس تھیلے میں بہت سے خطوط پہلے سے بھرے ہوئے تھے۔ یہ سب خطوط سیوان ضلع سے پٹنہ ضلع کے لئے بھیجے جا رہے تھے۔ ڈاک خانے کی لال سرکاری گاڑی (میل وین) سے میں سیوان ریلوے اسٹیشن پہنچا، سیوان شہر سے پٹنہ جانے والی ریل گاڑی میں وہ تھیلا ڈاک والے ڈبہ (میل کمپارٹمنٹ میں چڑھا دیا گیا)۔




کئی گھنٹے کے سفر کے بعد میں پٹنہ جنکشن پہنچ گیا۔ وہاں سے بڑے ڈاک خانہ (جی پی او) مجھے لایا گیا جہاں میں شہر کے پتوں (ایڈریس) کے مطابق تھیلا سے نکالا گیا اور پھر مجھ پر تاریخ والا ایک زوردار ٹھپہ (مہر) مارا گیا، اس کے بعد ڈاکیہ نے مجھے رباب کی سہیلی نیتو کے گھر پہنچا دیا۔

4 نیچے زینت کے خط کے سفر کو تصویروں کی زبانی دکھایا گیا ہے، لیکن یہ سارے خطوط آپس میں مِل جُل گئے ہیں۔ تصویروں کے نیچے درست نمبر درج کیجئے۔



## آپ بھی خط لکھیے:

کیا آپ نے کبھی خط لکھا ہے، جیسے شبنم نے اپنی دوست سپنا کو لکھا ہے۔ ایک خط آپ اپنے درجہ میں کسی دوست یا سہیلی کو لکھیے۔ اور ہاں، خط کے اوپر اپنے دوست کا نام ضرور لکھیے گا۔

سب نے خط تو لکھ دیا، لیکن ڈالیں گے کس میں؟

1 گوٹ کا ایک ڈبہ لیجیے۔

2 ڈبے کو لال رنگ سے رنگ دیجیے یا اس پر لال کاغذ چپکا دیجیے۔

3 اب ڈبے کے ڈھکن کو قینچی سے اتنا کاٹیے کہ خط اس میں چلا جائے۔

لو ہو گیا تیار لیٹر بکس۔

آپ سبھی ایک ایک کر کے اپنے لکھے ہوئے خطوط اس لیٹر بکس میں ڈال دیجیے۔ اب ایک بچہ ڈاکیہ بن کر لیٹر بکس سے تمام خطوط کو نکالے اور بچوں کو ان کے خطوط بانٹ دے۔

اچھا لگا دوست کی چٹھی پڑھ کر؟

### خطوط اور ان کے ٹکٹ

5 جس طرح آپ نے اپنے دوست یا سہیلی کو خط لکھا اسی طرح آپ کے گھر پر بھی دوست اور رشتے داروں کے بھی خطوط آتے ہوں گے۔ گھر سے ایسے ہی کچھ خطوط کو اکٹھا کر کے دیکھیے۔

(i) کیا سبھی خطوط پر ٹکٹ لگے ہیں؟

.....................................................................................

(ii) کیا سبھی ٹکٹ ایک جیسے ہیں؟

.....................................................................................

(iii) ان میں کیا فرق ہے؟

.....................................................................................

.....................................................................................

(iv) کیا کبھی خطوط پر ڈاک گھر کا ٹھپّہ لگا ہے؟ اگر ہاں، تو کتنے ٹھپے لگے ہیں؟

..........................................................................................

(v) اکٹھا کیے ہوئے خطوط پر لگے ٹکٹوں کو دھیان سے الگ کیجیے اور نیچے چسپاں کیجیے۔

6 ایک جگہ سے دوسری جگہ تک پیغام پہنچانے کے اور کیا کیا طریقے ہو سکتے ہیں؟

..........................................................................................

..........................................................................................

7 ان خطوط کے علاوہ کیا ڈاکیہ کچھ اور بھی لاتا ہے؟

..........................................................................................

..........................................................................................

8 خطوط کے علاوہ ہم لوگ تار، موبائل فون، ای میل سے بھی پیغام بھیجنے لگے ہیں۔ ان وسائل سے پیغام بہت جلد پہنچتے ہیں۔
آپ کو پیغام بھیجنے کا کون سا طریقہ اچھا لگتا ہے؟

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

سبق-17

# قِسم قِسم کے لباس (کپڑے)

وسیم اور اس کی بہن عذرا ایک درزی کی دکان پر کپڑے سلوانے کے لئے گئے۔ وسیم نے درزی سے کہا کہ "مجھے کرتا پاجامہ سلوانا" ہے اور عذراء نے کہا کہ مجھے "شلوار قمیض"۔ درزی نے ان دونوں بھائی بہن کا ناپ لیا اور ان لوگوں سے کہا کہ ایک ہفتہ بعد سلائی کرنے کے بعد آپ کے کپڑے مل سکیں گے۔



گھر واپس ہوتے ہوئے عذرا نے وسیم سے کہا کہ درزی کی دکان پر کتنے خوشنما رنگ برنگ کے کپڑے (لباس) ٹنگے ہوئے تھے۔

وسیم نے کہا، ہاں! "بہت خوبصورت تھے"۔

عذرا: "ہم لوگ کتنے قسم قسم کے لباس پہنتے ہیں۔"

1 تصویر میں غور سے دیکھئے کہ درزی کی دکان پر بہت سے لباس ٹنگے ہوئے ہیں، ان لباسوں کے نام لکھئے۔

........................................................................................................................

........................................................................................................................

2 اُن لباسوں کے علاوہ اور ایسے کون سے لباس ہیں جنہیں آپ اور آپ کے قرب وجوار کے لوگ (افراد) پہنتے ہیں؟ جدول میں ان کے نام لکھئے:

| نمبر شمار | گھر میں پہنے جانے والے لباس | قرب وجوار کے لباس | دوسرے صوبوں کے لباس |
|---|---|---|---|
| 1 | | | |
| 2 | | | |
| 3 | | | |

3 اوپر بنائے گئے جدول میں سے الگ کر کے لباسوں کے نام لکھئے:

| نمبر شمار | کون سے لباس عورتیں اور لڑکیاں پہنتی ہیں | کون سے لباس مرد حضرات پہنتے ہیں |
|---|---|---|
| 1 | | |
| 2 | | |
| 3 | | |

## کپڑے سے کیا فائدے ہوتے ہیں

سلے ہوئے کپڑوں کو ہم "لباس" کہتے ہیں۔ لباس ہمیں گرمی، سردی اور بارش سے اور پھر گرد وغبار سے بچاتے ہیں۔ گرمی کے موسم میں ہم زیادہ تر "سوتی لباسوں" کا استعمال کرتے ہیں کیونکہ سوتی کپڑے ہوادار ہوتے ہیں، جس سے ہمارا جسم ٹھنڈا رہتا ہے۔

اوپر بنائی گئی فہرست میں بہت سے کپڑے ایسے ہوں گے، جنہیں ہم صرف سردی میں پہنتے ہیں۔ ان سب کے نام لکھئے۔

........................................................................................................................

........................................................................................................................

## کچے پکے رنگ

نغمہ کی امی جان بازار سے کئی طرح کے رنگین کپڑے خرید کر لائی ہیں۔ سلائی کے بعد نغمہ نے کپڑہ کا لباس پہنا تو اس کے جسم پر رنگین لباس بہت خوبصورت لگ رہے تھے۔

نغمہ نے اپنی امی جان سے دریافت کیا کہ ماں! میرے جسم پر یہ رنگ کیوں لگ گئے ہیں؟ تو امی جان نے کہا کہ جو ''کچے رنگ'' ہوتے ہیں پانی لگنے سے ان کے رنگ پھیکے پڑ جاتے ہیں۔ نغمہ نے کہا کہ کیا ''پکے رنگ'' بھی ہوتے ہیں؟

امی جان نے کہا، ہاں! جو رنگ دھولائی کے بعد نہیں پھیکے پڑتے اسے ہی ''پکے رنگ'' کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔

4 تجربہ کر کے دیکھئے:

(i) کاغذ یا کچھ کپڑا لیجئے۔ اس پر مختلف رنگ یعنی روشنائی، کاجل، پھولوں کی پنکھڑیوں کے رس، نیل اور ہلدی لگائیں اور اس پر تھوڑا سا پانی ڈالئے، کیا رنگ پھیکا (ہلکا) ہوا یا پھیل گیا، لکھئے:

......................................................................

......................................................................

(ii) آپ کے کچھ رنگ برنگ کے کپڑوں کے کترن کو جمع کیجئے اور انہیں پانی سے دھو کر یہ معلوم کیجئے کہ ان کا رنگ ''پکا'' ہے یا ''کچا''

......................................................................

......................................................................

(iii) کیا پھولوں سے رنگ بنائے جا سکتے ہیں؟

......................................................................

......................................................................

(iv) آپ بھی اپنے قرب وجوار میں لگے پھولوں یعنی گلاب، گیندا، اُڑہل سے رگڑ کر، نیچے کی تصویروں میں رنگ بھریئے۔

......................................................................

......................................................................



5 ہم مختلف قسم کے لباس پہنتے ہیں۔ کچھ لباس کو سلوانے کی ضرورت پڑتی ہے اور کچھ کو نہیں۔ آپ سلے ہوئے اور بغیر سلے ہوئے لباسوں کی فہرست تیار کیجئے۔

| سلے ہوئے لباس | بغیر سلے ہوئے لباس |
|---|---|
| 1 .................... | 1 .................... |
| 2 .................... | 2 .................... |
| 3 .................... | 3 .................... |

### اسے بھی کیجئے

آپ نے قسم قسم کے خوبصورت ڈیزائنوں والے سلے ہوئے لباس دیکھے ہوں گے۔ اپنی پسند کے لباسوں کی تصویر بنائیے اور ان میں رنگ بھریئے۔

### سرگرمیاں

بھنڈی یا آلو کو ٹھیک بیچ و بیچ کاٹئے۔ ان پر گیلے رنگ لگا کر کاغذ یا کسی سفید کپڑے پر ''ٹھپے'' لگائیے اور اپنی پسند کی رنگ برنگ کی تصویریں تیار کیجئے۔

سبق-18

# اُچھل کود



کبڈّی، کبڈّی.......... کبڈّی.......... کبڈّی!

آ،..... جاؤ، ہمارے، نزدیک آؤ..... (سامنے والے گروپ سے آواز آئی)

کبڈّی..... کبڈّی.....!

آؤٹ..... آؤٹ (گروپ کے ایک طرف کھڑا دوسرا گروپ زور زور سے چلّایا)

کبڈّی..... کبڈّی..... کبڈّی (چھولو فیضان، اُسے آؤٹ کردو)

کبڈّی..... کبڈّی..... کبڈّی (پکڑو، جانے نہ پائے، ارے پکڑو، اُسے جانے مت دو)

کبڈّی کبڈّی..... کبڈّی (فرحان ادھر آجاؤ، اِدھر سے پکڑنا)

ارے! فیضان نے رضوان کو چھولیا، پکڑلو اُسے، جانے مت دو)

کبڈّی......کبڈّی......(فیضان جلدی دوڑو! واپس آجاؤ، جلدی سے)

آؤٹ......آؤٹ......آؤٹ......آؤٹ......آؤٹ!

اچھاہاں! رضوان تم آؤٹ ہوگئے۔

رضوان آؤٹ، آؤٹ......آؤٹ......آؤٹ!

سبھی لوگ زوروشور سے چلّانے لگے!

ارے! کتنے زورشور سے ''آؤٹ، آؤٹ'' کی آوازیں آرہی ہیں

ارے! یہ سبھی بچے تو کبڈّی کھیل، کھیل رہے ہیں!

کتنا مزہ آرہا ہے، اس کبڈّی کے کھیل میں، ہے نا؟ کھینچا تانی، زور جھپٹا، چیخنا، چلّانا، مٹی سے رگڑ کھانا، سانس بھر بھر کر کبڈّی کبڈّی بولنا، اِدھر اُدھر بھاگنا اور دوڑنا وغیرہ اپنے آپ کو بچاتے ہوئے دوسرے گروپ کے لوگوں کو چھونے کی کوشش کرنا، ہے نا؟ دلچسپ۔

1 کیا آپ بھی کبڈّی کا کھیل کھیلتے ہیں۔

..............................................................................................................

..............................................................................................................

2 آپ اپنے دوستوں کے ساتھ مل کر ''کبڈّی'' کس طرح کھیلتے ہیں لکھیے:

..............................................................................................................

..............................................................................................................

## سرگرمی

آپ اپنے ساتھی سے کہیں کہ وہ اپنی سانس بھر کر 'کبڈی کبڈی' بول کر دکھائے اور آپ اسے گن کر لکھیں۔ پھر آپ 'کبڈی کبڈی' بولیں اور آپ کا ساتھی اسے گن کر لکھے۔

..................................................  ..................................................

اب بتائیے کہ کس نے کتنی بار 'کبڈی کبڈی' کہا؟

..................................................  ..................................................

3 دی گئی تصویر میں کون سا کھیل بچے کھیل رہے ہیں؟ تصویر کے نیچے ان کے نام لکھیے۔

تصویر کے نیچے ان کے نام لکھیے:

4 آپ اپنے دوستوں کے ساتھ کس طرح کے کھیل کھیلتے ہیں؟ فہرست تیار کیجیے۔

(i) .................... (v) ....................

(ii) .................... (vi) ....................

(iii) .................... (vii) ....................

(iv) .................... (viii) ....................

5 گھروں کے احاطہ میں کون سے کھیل کھیلے جاتے ہیں؟ اور کون سے کھیل گھر سے باہر کھیلے جاتے ہیں۔

| نمبر شمار | گھروں کے احاطہ میں کھیلے جانے والے کھیل | گھروں سے باہر کھیلے جانے والے کھیل |
|---|---|---|
| 1 | | |
| 2 | | |
| 3 | | |
| 4 | | |

آپ نے پتنگوں کو اڑتے ہوئے ضرور دیکھا ہوگا اور شاید آپ نے پتنگ (تلنگی) بھی اڑائی ہوگی۔ پتنگ تو کوئی اکیلے بھی اُڑ اسکتا ہے لیکن کیا کبڈّی کھیل اکیلے کھیلا جاسکتا ہے؟

..............................................................................................................................

6 کبڈّی کھیلنے کے لئے ایک ٹیم (گروپ) میں کتنے کھلاڑی چاہئے؟

..............................................................................................................................

7 اس طرح بہت سارے کھیلوں کو کھیلنے کے لئے کئی کھلاڑیوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس جدول (ٹیبل) میں اُن کھیلوں کے نام اور کھلاڑیوں کی تعداد لکھتے ہیں۔

| نمبر شمار | کھیلوں کے نام | کتنے کھلاڑیوں کی ضرورت ہے |
|---|---|---|
| 1 | کرکٹ | 11 |
| 2 | | |
| 3 | | |
| 4 | | |
| 5 | | |
| 6 | | |
| 7 | | |

8 (i) کچھ کھیلوں کو کھیلنے کے لئے صرف کھلاڑی چاہئے تو سبھی کھیلوں میں کھلاڑیوں کے ساتھ ساتھ کھیلنے کے لئے سامانوں کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ بتائیے کہ کس کھیل میں کون سے سامانوں کی ضرورت ہوگی؟

| نمبر شمار | کھیلوں کے نام | کون سے سامان چاہئے |
|---|---|---|
| 1 | | |
| 2 | | |
| 3 | | |
| 4 | | |
| 5 | | |
| 6 | | |

(ii) کیا آپ ایسے کھیلوں کے متعلق جانتے ہیں جنہیں کھیلنے کے لئے سامانوں کی ضرورت نہیں ہوتی، ان کے نام لکھئے۔

..........................................................................................

..........................................................................................

9 معلوم کیجئے کہ آپ کے والدین اپنے بچپن میں کون کون سے کھیل کھیلا کرتے تھے؟

..........................................................................................

..........................................................................................

10 کون سا کھیل آپ کو زیادہ پسند ہے؟

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

11 آپ اپنی پسند کے کسی ایک کھیل کو کھیلنے کے لئے ان کے اصولوں اور قواعد کو لکھئے اور ساتھ ساتھ تصویر بھی بنائیے۔

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

S.S.A. 2015-16 (Free)

سبق-19

# کوشش کرکے دیکھیے

بچے آنکھ مچولی کھیل رہے ہیں۔ آپ بھی یہ کھیل اکثر کھیلتے ہوں گے۔ کتنا مزہ آتا ہے پٹی باندھے دوست کو چھیڑنے میں۔ وہ اِدھر آتا ہے اور اُدھر جاتا ہے مگر کسی کو پکڑ نہیں پاتا۔ جب آپ کی آنکھوں پر پٹی بندھی ہوتی ہے تو پسینہ چھوٹ جاتا ہے اور جس کی آنکھ پر پٹی بندھی ہوتی ہے اسے باقی دوست آواز دے دے کر اِدھر اُدھر بھگانے کی پوری کوشش کرتے ہیں۔ کئی مرتبہ پٹی والا دوست گرتے گرتے بچتا ہے۔ اس طرح اس کھیل میں بہت مزہ آتا ہے۔ آپ سبھوں نے بھی یہ کھیل کئی مرتبہ کھیلا ہوگا۔

1 جب آپ کی آنکھوں پر پٹی بندھی ہوئی ہے اور آپ دوستوں کو پکڑنے کی کوشش کرتے ہیں تو آپ کیسا محسوس کرتے ہیں؟

..............................................................................................................

..............................................................................................................

2 کھیل کھیلتے وقت آپ کیسا محسوس کرتے ہیں؟

..............................................................................................................

..............................................................................................................

3 آپ کو کیسے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کے دوست کہاں ہیں؟

..............................................................................................................................

..............................................................................................................................

4 کیا آپ اپنے دوست کو آواز، سمت اور ڈوری سے پتہ لگا سکتے ہیں؟

..............................................................................................................................

..............................................................................................................................



5 آپ کو کون سا کھیل سب سے زیادہ اچھا لگتا ہے؟

..............................................................................................................................

..............................................................................................................................

..............................................................................................................................

..............................................................................................................................

6 اگر آپ کی آنکھوں پر پٹی باندھ دی جائے تو آپ کون سا کام نہیں کر پائیں گے؟

..............................................................................................................................

..............................................................................................................................

..............................................................................................................................

..............................................................................................................................

دنیا بھر میں ایسے اشخاص بھی ہیں جو اپنی آنکھوں سے دیکھ نہیں سکتے، انہیں نابینا کہتے ہیں۔ لیکن وہ چھو کر اور محسوس کر کے بخوبی اپنا سب کام انجام دیتے ہیں۔ ان لوگوں کو کوئی اگر زبردستی یا مدد کے طور پر سہارا دینا چاہتا ہے تو وہ لوگ ناراض ہو جاتے ہیں۔ جب بھی انہیں کسی طرح کی مدد کی ضرورت ہوتی ہے تو وہ آواز دے کر چیزوں کی طلب کر لیتے ہیں۔ اس طرح کے افراد سبھی طرح کے کام کر لیتے ہیں اسلیئے ان لوگوں کو کبھی بھی کوئی دشواری نہیں ہوتی ہے۔ ایسے افراد آج کئی طرح کے کام بخوبی انجام دے رہے ہیں، دیکھ نہیں سکتے لیکن پڑھ سکتے ہیں۔

7 کیا آپ کے گھر کے نزدیک آنکھوں سے مجبور (نابینا) افراد رہتے ہیں؟ وہ افراد اپنا کام کیسے انجام دیتے ہیں؟ ذرا معلوم کیجئے اور ان کے بارے میں چند سطور لکھئے۔

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

## دیکھ نہیں سکتے لیکن پڑھ سکتے ہیں

جو لوگ دیکھ نہیں سکتے یعنی (نابینا حضرات) وہ چیزوں کی پہچان، آواز، مہک اور چھو کر یا محسوس کر کر تے ہیں۔ ان کی یہ سب صلاحیتیں مشقوں سے بہت کارگر ہو جاتی ہے۔ ان جیسوں کے پڑھنے کے لئے ایک مخصوص رسم الخط (اسکرپٹ) ہوتی ہے جسے ''بریل اسکرپٹ'' کے نام سے جانا جاتا ہے۔ اس رسم الخط سے پڑھنے اور لکھنے کے لئے کسی بھی زبان کے حروف کو ابھار کر نقطوں کو بنیاد بنا کر بالکل نئی اسکرپٹ کی شکل دی جاتی ہے۔



بریل رسم الخط

بریل اسکرپٹ (رسم الخط) کی تحقیق (ریسرچ) کرنے والے ''مسٹر لوئی بریل'' (Mr. Lui Brail) بھی آنکھوں سے معذور یعنی نابینا تھے کیونکہ بچپن میں ایک حادثہ کے دوران انکی آنکھوں میں چوٹ لگ گئی تھی جس کی وجہ سے ان کی دونوں آنکھوں کی روشنی غائب ہو گئی تھی۔

## عرفان کی پہیوں والی کرسی

عرفان اسکول سے واپس آنے کے بعد اپنے گھر کی کھڑکی کے نزدیک بیٹھ کر ڈرائنگ بناتا رہتا ہے۔
اس کی امی جان کا کہنا ہے کہ وہ سب سے اچھی ڈرائنگ (تصویر خاکہ) بناتا ہے۔ ایک دن اس کے ابا جان اس کے لئے پہیوں والی گاڑی (Wheel Chair) خرید کر لے آئے۔ عرفان نے بہت جلد ہی اپنی کرسی کو آگے پیچھے گھمانا سیکھ لیا۔ اب وہ آسانی سے گھر کے کسی بھی حصے میں آسانی سے جاسکتا تھا۔ ایک دن اس کے ابا جان اسے باغیچہ میں لے گئے جہاں چند بچے گیند سے کھیل رہے تھے اور عرفان انہیں غور سے دیکھ رہا تھا کہ اس کے پاس وہ گیند آ گیا تو اس نے گیند کو پکڑا اور زوردار طریقے سے باغیچہ کے میدان کی طرف پھینک دیا، وہ بیٹھا بیٹھا بچوں کو کھیلتے ہوئے دیکھ رہا تھا کہ ایک بچہ عرفان کے پاس آیا اور کہنے لگا، کیا تم بھی کھیلو گے، عرفان نے مسرت بھرے لہجے میں کہا، ہاں۔ ان بچوں نے بات چیت کی اور اُسے بھی کھیل میں شامل کرلیا۔

(i) ان بچوں نے عرفان کو کس طرح کھیلنے کے لئے راضی کیا؟

....................................................................................................

....................................................................................................

(ii) آپ عرفان کو اپنے ساتھ اور کون سا کھیل کھیلا سکتے ہیں؟

....................................................................................................

....................................................................................................

(iii) کس طرح عرفان کو کھیل کھیلائیں گے؟

....................................................................................................

....................................................................................................

(iv) عرفان اپنے گھر میں کون کون سا کام انجام دیتا ہے؟

..............................................................................................................

..............................................................................................................

..............................................................................................................

## اشارات کی زبان

ہم اکثر آپسی گفتگو (بات چیت) کے لئے لفظوں کا استعمال کرتے ہیں اور کئی مرتبہ ایسا بھی ہوتا ہے کہ ہم بغیر بولے ہی کسی کو اشارے سے بلا لیتے ہیں۔ یہ اشارے بھی الگ الگ مواقع کے لئے الگ الگ ہوتے ہیں اور ایک طرح کے بھی۔

آپ کو شاید یہ پتہ نہ ہوگا کہ "اشارات" کی ایک مکمل زبان ہے۔ ہمارے پاس پڑوس میں بہت سے ایسے افراد ہیں جو "اشارات" کی زبان کا استعمال کرتے ہیں۔ کچھ افراد جو بول نہیں سکتے وہ بھی اشارات کی زبان کا استعمال کر کے ہر طرح کی گفتگو کر سکتے ہیں۔ ان کاموں کے لئے "ہاتھوں" اور ان کی "انگلیوں" کا بھرپور استعمال ہوتا ہے۔ اشارات کے سہارے آل انڈیا ریڈیو اور دوردرشن کے دہلی مرکز سے صرف "اشارات" کے ساتھ خبریں بھی نشر کی جارہی ہیں اور اس طرح عالمی پیمانہ پر خبروں کی اہمیت بڑھتی جارہی ہے۔

8 اگر بغیر کچھ کہے ہی نیچے دیئے کاموں کو کرنا ہو تو آپ انہیں کس طرح انجام دیں گے۔

(i) مہمانوں کا خیر مقدم!

..............................................................................................................

(ii) اپنے دوستوں کو اپنے قریب بلانا!

..............................................................................................................

(iii) پانی کا گلاس مانگنا!

..........................................................................................................................................................

(iv) کھیلنے کے لئے ساتھیوں کو بُلانا!

..........................................................................................................................................................

S.S.A. 2015-16 (Free)

سبق–20

# آؤ کھیلیں مٹی سے

بشریٰ اپنے بھائی ترما کے ساتھ مٹی لاکر گھروندا بنارہی تھی کہ اس کی سہیلی نجات بھی آپہنچی!

نجات کیا بنارہی ہو، میری اچھی سہیلی، بشریٰ!

**بشریٰ**-گھروندا بنارہی ہوں!

**نجات**-کیا مجھے گھروندا بنانا سکھانا پسند کروگی!



بشریٰ نے کہا کہ ہاں، ہاں، کیوں نہیں؟ تھوڑی سی مٹی لو، اس میں تھوڑا سا پانی ڈال کر مٹی کو اچھی طرح گوندلو اس گوندھی ہوئی مٹی سے دیواریں بناؤ۔

بشریٰ اور نجات یعنی دونوں سہیلیاں گھروندا بنانے میں مشغول ہوگئیں۔

**بتائیے:**

1 کیا آپ نے کبھی مٹی کا گھروندا بنایا ہے؟

............................................................

2 آپ کے گھر میں مٹی سے بنی کس قسم کی چیزیں ہیں؟

............................................................

............................................................

............................................................

3 آپ کے گھروں میں مٹی کے برتن وغیرہ کون سے کاموں میں لائے جاتے ہیں؟

............................................................

............................................................

............................................................

4 ”کمہار“ کے گھر جائیے اور دیکھئے کہ ”گھڑا“ بنانے اور تیار کرنے کے لئے اسے کس طرح کی تیاریاں کرنی پڑتی ہیں؟

5 "کمہار" مٹی کی چیزیں کس طرح بناتا ہے؟ نیچے لکھ دیا گیا ہے لیکن اس طرح کا نمبر شمار درست نہیں ہے، اسے درست کیجیے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1 | تیار برتنوں کو سکھانا | | مٹی کھود کر لانا | |
| 2 | پکے ہوئے برتن میں رنگ لگانا | | سوکھے برتنوں کو آگ میں پکانا | |
| 3 | چاک پر برتن بنانا | | مٹی تیار کرنا | |

6 آپ کے گاؤں میں لوگ کس طرح کے کام کرتے ہیں، انہیں جدول (ٹیبل) میں لکھیے، ان کاموں کے کرنے والے لوگوں کو کس نام سے یاد کیا جاتا ہے، ان کے نام کی فہرست بنائیے۔

| نمبر شمار | کام | کس نام سے پکارتے ہیں |
|---|---|---|
| 1 | مٹی کے برتن بنانے والے | کمہار |
| 2 | | |
| 3 | | |
| 4 | | |
| 5 | | |
| 6 | | |
| 7 | | |

7 اوپر کی تصویر کی بنیاد پر نیچے کے جدول (ٹیبل) کو پورا کیجیے۔

| نمبر شمار | مٹی کی بنی چیزیں | لکڑی کی بنی چیزیں | لوہے کی بنی چیزیں |
|---|---|---|---|
| 1 | | | |
| 2 | | | |
| 3 | | | |
| 4 | | | |
| 5 | | | |
| 6 | | | |
| 7 | | | |
| 8 | | | |

8 درست الفاظ کو چن کر خالی جگہوں کو بھریے:

درزی، کسان، ڈاکٹر اور معلم (استاذ)

(i) جو کھیتوں میں اناج وغیرہ پیدا کرتا ہے ...................

(ii) جو مریضوں کا علاج کرتا ہے ...................

(iii) جو اسکول میں پڑھاتے ہیں ...................

(iv) جو کپڑا، سلائی کرتا ہے ...................

## آؤ کچھ کریں

آپ معلم حضرات سے گذارش ہے کہ چار-چار بچوں کا گروپ بنا کر تالاب، کھیت، باغیچہ، میدان، ندی اور سڑک کی طرف انہیں لے جائیں۔ وہاں الگ الگ جگہوں سے مٹی کے نمونوں ( Sample ) کو جمع کرائیں۔ اپنے درجہ میں واپس آ کر مٹی کے ان نمونوں کو غور سے دیکھیں۔ مٹی کے رنگ و روپ اور اس کی دوسری صفتوں ( Qualities ) کی پہچان کریں، پھر انہیں دیئے گئے جدول میں لکھئے۔

| نمبر شمار | جگہوں کے نام | چھو کر دیکھنے پر: کھردری | چکنی | ریتیلی | مٹی کا رنگ |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | کھیت | | | | |
| 2 | باغیچہ | | | | |
| 3 | میدان | | | | |
| 4 | تالاب | | | | |
| 5 | ندی | | | | |
| 6 | سڑک | | | | |

ہم لوگوں نے اب تک مٹی، پانی، پیڑ پودوں، جانداروں، خاندانوں، دوستوں کے متعلق بہت سی واقفیت حاصل کر لی ہے۔ ان تمام چیزوں اور جانداروں سے مل کر ہمارا ماحول بنتا ہے اس لئے ان باتوں کے ساتھ ساتھ ہمارا مضبوط رشتہ قائم رہنا چاہئے۔ یہ ہماری ترقی و فلاح اور فروغ کے لئے ایک اہم بات ہے۔ ''ماحولیات'' کو اگر نقصان پہنچتا ہے تو ہمیں بھی سخت نقصانات سے دوچار ہونا پڑے گا۔ ان اہم باتوں پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔

# ہمارا آئین

## تمہید

ہم بھارت کے عوام متانت وسنجیدگی سے عزم کرتے ہیں کہ بھارت کو ایک مقتدر، سماج وادی، غیر مذہبی عوامی جمہوریہ بنائیں اور اس کے تمام شہریوں کے لئے حاصل کریں

انصاف، سماجی، معاشی اور سیاسی

آزادیٔ خیال، اظہار، عقیدہ، دین اور عبادت

مساوات بہ اعتبار حیثیت اور موقع

اور ان سب میں

اخوت کو ترقی دیں جس سے فرد کی عظمت اور قوم کے اتحاد اور سالمیت کا تیقن ہو۔

اپنی آئین ساز اسمبلی میں آج چھبیس نومبر، ۱۹۴۹ کو یہ آئین ذریعۂ ہٰذا اختیار کرتے ہیں، وضع کرتے ہیں اور اپنے آپ پر نافذ کرتے ہیں۔

# وَندے ماترم

سُجلام سُفلام مَل یَجَ شیتلام،
شسیے-شیام لام مَاتَرم
وَندے مَاتَرم!!
شُوبھر-جیوتسنا-پُلِکت-یامینیم،
پُھلّ-کوسُومِت-دُرم دَل-شُوبھینیم
سُوہاسنیم، سومدھُربھاشینیم،
سُوکھدَام، وَردام، مَاتَرم!!
وَندے مَاتَرم!!

# MAHAULIAT AUR HUM

Class-III

## قومی ترانہ

جَنَ گَنَ مَنَ اَدھینایک جیہ ہے
بھارت بھاگیہ وِدھاتا !
پنجاب سندھ گجرات مراٹھا
دراوڑ اُتکل بنگ !
وِندھیہ ہماچل یمنا گنگا
اُچھل جل دھی ترنگ !
تَو شبھ نامے جاگے،
تَو شبھ آشش ماگے،
گاہے توَ جے گاتھا !
جَنَ گَنَ منگل دایک جیہ ہے
بھارت بھاگیہ وِدھاتا !
جیہ ہے، جیہ ہے، جیہ ہے،
جیہ جیہ جیہ، جیہ ہے !


शैक्षिक सत्र - 2015-16 | पर्यावरण और हम भाग-1 वर्ग-3 (उर्दू) | निःशुल्क वितरण हेतु

बिहार स्टेट टेक्स्ट बुक पब्लिशिंग कॉरपोरेशन लिमिटेड, पटना

आवरण मुद्रण : जे० एम० डी० प्रेस, मुसल्लहपुर हाट, पटना-6